بلوچستان کا مقبول روزنامہ

روزنامہ

DAILY
SABA-Quetta

کوئٹہ

صباء

ایڈیٹر غضنفر علی

ABC
CERTIFIED

PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

جلد نمبر 22 | جمعرات 03 ستمبر 2026 | 20 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 170

پاکستان معاشی استحکام سے آگے پائیدار اور جامع ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے

وزیر خزانہ

ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اور اصلاحاتی ایجنڈے کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ حکومت کی اب ترجیح معاشی استحکام سے پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی جانب منتقلی ہے

اس مقصد کے لیے ملکی وسائل کو متحرک کرنے اور پبلک فنانس، توانائی، انشورنس اور پنشن سمیت اہم شعبوں میں اصلاحات کو ادارہ جاتی شکل دینا ضروری ہے۔ سرمایہ کاری، برآمدات، روزگار اور نجی شعبے کی شمولیت پائیدار اقتصادی ترقی کے بنیادی ستون ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، مالیاتی نظم و نسق، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کا 29واں اجلاس، اراکین اسمبلی و وزرا کی حاضری کے اعداد و شمار جاری

قومی اسمبلی کے 29ویں اجلاس کے 17 سے 28 اگست کے دوران 8 نشستیں ہوئیں، وزیراعظم نے ایک نشست میں شرکت کی

اسلام آباد (این این آئی) فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک (فافن) نے قومی اسمبلی کے 29ویں اجلاس کے 17 سے 28 اگست کے دوران 8 نشستوں

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر زرداری سے لندن میں محسن نقوی کی ملاقات، اہم پیغام پہنچایا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں پارلیمنٹیرینز سے گفتگو کر رہے ہیں

میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ پمز ہسپتال اب محفوظ ہے اور مستقبل میں کوئی حادثہ نہیں ہوگا، مصطفیٰ کمال

وزیراعظم نے پمز واقعے پر استعفے سے متعلق بات کرنے سے منع کیا، اس معاملے میں کچھ ٹینشنس ہیں، اگر انکوائری کمیٹی ان سے استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا

آئین، قانون میں طے کر دیا جائے کسی حادثے پر متعلقہ وزیر استعفیٰ دیگا تو سب سے پہلے استعفیٰ دینے کیلئے تیار ہوں، وفاقی وزیر صحت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے پمز واقعے پر استعفے سے متعلق بات کرنے سے منع کیا ہے، اس معاملے میں میری ان کے ساتھ کچھ ٹینشنس ہیں، اگر انکوائری کمیٹی استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا، پمز ہسپتال میں 14 نومولود بچوں کی اموات کے واقعے کی تحقیقات کے لیے وزیراعظم کی جانب سے قائم کی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے 8 افراد اور ایک سیکیورٹی کمپنی کو ذمہ دار قرار دیا ہے، انکوائری کمیٹی کی تحقیقات ابھی جاری ہیں اور حتمی طور پر آگے کلیر کی پہلی ۔۔۔ کا تعین فرانزک

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان سے ان کا تعلق صرف سیاسی نہیں بلکہ جذباتی اور خاندانی بھی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسپیکر قومی اسمبلی کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث مسرت اور باعث عزت ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بدھ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی کابینہ کے اراکین اور حکومتی و اپوزیشن اراکین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور،

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبے میں تمام اضلاع کو ایف سی کرنل چلا رہے ہیں

محمود خان اچکزئی

کوئٹہ میں پشتون قومی جرگہ اختتام پذیر، محمود خان اچکزئی کا طاقت کے استعمال اور انتخابی مداخلت کے خاتمے کا مطالبہ

پاکستان تمام اقوام کا مشترکہ ملک ہے، کسی کو آقا اور غلام نہیں ہونا چاہیے، وسائل پر پہلا حق مقامی عوام کا ہے، اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ (یو این اے) تین روزہ پشتون قومی جرگہ کوئٹہ میں اختتام پذیر ہو گیا۔ اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون قوم کے مسائل کا حل کسی ایک جماعت یا شخص کے بس کی بات نہیں، اس کے لیے اتحاد اور اجتماعی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ موجودہ اجتماع کسی ایک پارٹی کا نہیں بلکہ پوری پشتون قوم کی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بشکیک، وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر پاکستان اور کرغزستان کے درمیان مختلف شعبوں میں سمجھوتوں کی یادداشتوں کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان کیساتھ ادویہ سازی، زراعت، توانائی، ہلکی مشینری، سیاحت، ڈیجیٹل معیشت، ورچوئل اثاثوں اور دیگر شعبوں میں مشترکہ منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے تیار ہیں، کرغز صدر

کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے

شہباز شریف

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے معاہدوں، مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط، موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں

کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے، کرغزستان کے صدر کا دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں اور باہمی تعلقات کو نئی سطح پر لے جانے کے مشترکہ عزم کا اظہار

بشکیک (این این آئی) پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیئے اور دونوں ممالک نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے اور اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے، دونوں ممالک کے درمیان راہداری تجارت معاہدہ خوش آئند پیشرفت ہے، معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے، موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران اپنے مفادات اور آزادی کی لڑائی لڑ رہا ہے، ولادیمیر پیوٹن

امریکا نے ہمارے طلبہ، بے گناہ نوجوانوں اور لوگوں کو قتل کیا، ایرانی صدر

بشکیک (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا ہے کہ روس سمجھتا ہے کہ ایران اپنے مفادات اور آزادی کی لڑائی لڑ رہا ہے اور انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہے۔ بشکیک میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات میں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے کہ پہلے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا گزشتہ ایک ماہ میں طالبان رجیم کیخلاف 43 کارروائیوں کا اعلان

کارروائیاں 14 صوبوں میں کی گئیں، ان کارروائیوں میں 74 طالبان اہلکار ہلاک جبکہ 35 زخمی ہوئے

کابل (آن لائن) طالبان حکومت کے مخالف اتحاد افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے گزشتہ ایک ماہ میں طالبان رجیم کے خلاف 43 کارروائیوں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کارروائیوں میں 74 طالبان اہلکار ہلاک جبکہ 35 زخمی ہوئے۔ افغانستان

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ہمارے ایئر ڈیفنس نے فضائی حدود میں داخل ہونیوالے میزائلوں کو ناکام بنا دیا، اردنی فوج

عمان (این این آئی) اردنی فوج نے کہا ہے کہ اردن کے ایئر ڈیفنس نے فضائی حدود میں داخل ہونے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پیٹرولیم لیوی کے خلاف جدوجہد جاری، آج کی ملک گیر ہڑتال کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل دینگے، حافظ نعیم الرحمن

اسلام آباد لانگ مارچ کی کال، اسلام آباد اور راولپنڈی میں دھرنے، ملک بھر میں دھرنے چھیانے کے آپشن موجود ہیں، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی، آئی پی پیز مافیا اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد اور تحریک جاری رہے گی، حکومت کو پیٹرولیم لیوی ختم اور آئی پی پیز سے عوام دشمن معاہدے منسوخ کرنے ہوں گے، 3 ستمبر کی مکمل اور ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے نوجوان ہتھیاروں کے بجائے قلم کو طاقت بنائیں

وزیر داخلہ

بلوچستان کے نوجوان تعلیم جدید ہنر پر توجہ دیں اپنی صلاحیتیں بلوچستان کی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں، صوبائی وزیر داخلہ

نوجوان جب کامیابی حاصل کر کے اہم عہدوں تک پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف ذاتی مفاد تک محدود نہ رکھیں بلکہ اپنے علم، تجربے اور مقام کو عوام اور بلوچستان کی خدمت کیلئے استعمال کریں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان قوم کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور جدید ہنر کا دور ہے، اس لیے نوجوان اپنی تمام تر توجہ تعلیم اور مثبت سرگرمیوں پر مرکوز کریں۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان اور معاشرے کو پسماندگی سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ کسی قوم کا مستقبل صرف

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاری، پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک شروع

مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید بغیر پائلٹ سسٹم شامل ہیں، مشق میں پاکستان فضائیہ، پاک فوج اور پاک بحریہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ کے لیے پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کراچی میں شروع ہو گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے بحری مشق سی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، خرم شہزاد

تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کر دیا ہے جس سے روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، یہ اب ایک خاندان کے لیے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیرمملکت بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت کیش لیس معیشت پر اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس

سرکاری ادائیگیوں کو مکمل ڈیجیٹل بنانے اور قومی کیش لیس ڈیلش بورڈ کے اہداف مقرر کرنے پر غور

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت کیش لیس معیشت کے فروغ اور وزیراعظم کے کیش لیس اقدام پر پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں سرکاری ادائیگیوں کو مکمل ڈیجیٹل بنانے،

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

انکم ٹیکس رولز میں نئی ترامیم کی تیاری، تنازع حل کرنیوالے افسران کو 5 لاکھ تک الاؤنس ملے گا

ٹیکس تنازع کیلئے ریٹائرڈ ججوں کے ناموں کے ساتھ درخواست جمع کرانا ہوگی، ارکان کو سفری اور یومیہ الاؤنس دینے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کی تجویز دیتے ہوئے مسودہ جاری کر دیا ہے، مجوزہ تبدیلیوں میں متبادل تنازعات کے حل کے طریقہ کار سے متعلق قواعد میں بھی ترمیم کی تجویز دی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کی بشکیک میں صدارتی محل آمد، گارڈ آف آنر پیش

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے اعزاز میں کرغزستان کے صدارتی محل میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ریڈ کارپٹ پر تپاک استقبال کیا گیا، کرغزستان کے صدر صادر نور ژاپاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عدالتوں کے مؤثر نظام اور بروقت انصاف کی فراہمی کیلئے مناسب انفرا اسٹرکچر اور مالی معاونت ناگزیر ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

کورنگی میں ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال، زیر التوا مسائل کے حل اور کام میں تیزی لانے پر زور

اسلام آباد/کراچی (آن لائن) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے سندھ میں عدالتی شعبے کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے سپریم کورٹ آف پاکستان کی برانچ رجسٹری کراچی میں اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت، صوبائی وزیر قانون، چیف سیکرٹری سندھ اور سیکرٹری خزانہ حکومت سندھ نے شرکت کی۔ اجلاس میں عدالتی شعبے سے متعلق اہم اقدامات

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سانحہ پمز میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو کوئی رعایت نہیں دی جائیگی، وزیراعظم

متبادل ذرائع میں پمز ہسپتال میں اپنی موجودگی اور نگرانی میں اسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کروائیں، وزیر صحت کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سانحہ پمز میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی، وزیر صحت اور سیکرٹری اپنی نگرانی میں اسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

میرٹ پر کام کرینگے سیاسی دباؤ میں لینے کو تیار نہیں ہوں

سرفراز بگٹی

صوبے کے غریب اور مستحق عوام کو بہتر اور معیاری علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے صرف طبی مراکز اور جدید آلات کافی نہیں، بلکہ تربیت یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پریذیڈنٹ انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک ڈاکٹر عبدالباری خان اور ممبر پلاننگ کمیشن محترمہ شبانہ حیدر کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے بکلر، ایریکلٹی میں طبی سہولیات کی فراہمی، صحت کے شعبے میں مختلف اشتراکی منصوبوں اور بلوچستان کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے۔ صوبے کے غریب اور مستحق

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

احسن اقبال کی گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد کی ہدایت

سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں کے منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے، وفاقی وزیر کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کراچی، چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سندھ بار کونسل کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

راول ڈیم میں پانی کی سطح 1751 فٹ تک پہنچ گئی، سپل ویز آج دوبارہ کھولنے کا فیصلہ

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد اور گرد و نواح میں موسلا دھار بارشوں کے باعث راول ڈیم میں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں معاون ثابت ہوگا، ترک صدر

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا، خطاب

بشکیک (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان طے پانے والا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔ عرب

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی کرغز وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

بشکیک (یو این اے) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو بشکیک میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف سے ملاقات سے قبل کرغز وزیر خارجہ ژین بیک کلوبائیف سے ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم نے کرغزستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی کامیاب قیادت، ایس سی او سربراہی اجلاس کی میزبانی اور چھٹی عالمی نومیڈ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب ڈوئچے بینک کے ریجنل سی ای او برائے مشرق وسطیٰ و افریقہ مسٹر جمال الکشی سے ملاقات کر رہے ہیں

ایران کے کسی بھی حملے کا بھرپور اور طاقتور جواب دیا جائیگا، اسرائیل

اسرائیل آنیوالے یہودی تہواروں کے دوران ایرانی حملے کا نشانہ بننے کے امکانات کیلئے تیاری کر رہا ہے، وزیر دفاع

تہران (این این آئی) ایران اور امریکہ کے درمیان عسکری محاذ آرائی کی واپسی کے دوران اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ان کا ملک کسی بھی ممکنہ ایرانی حملے کا بھرپور اور بڑے پیمانے پر جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مارچ 2027 میں بلوچستان کے 5 سینیٹرز سمیت بڑی تعداد میں سینیٹرز ریٹائر ہوں گے

بلوچستان سے خرم ذیشان، منظور کاکڑ اور ثمینہ ممتاز زہری سمیت متعدد سینیٹرز کی مدت مکمل

کوئٹہ/اسلام آباد (یو این اے) مارچ 2027 میں سینیٹ آف پاکستان سے ریٹائر ہونے والے سینیٹرز میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے متعدد سینیٹرز بھی شامل ہیں، جن میں خرم ذیشان، منظور کاکڑ، ثمینہ ممتاز زہری اور دیگر سینیٹرز شامل ہیں۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق مارچ 2027 میں مجموعی طور پر 48 سینیٹرز اپنی چھ سالہ مدت مکمل کریں گے۔ ان میں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عوامی مسائل کا حل اور سڑکوں کا انفراسٹرکچر بہتر بنانا اولین ترجیح ہے سلیم کھوسہ

صوبے کے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، وزیر مواصلات

حلقہ انتخاب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا معیار بہتر بنانے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دی گئی ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مواصلاتی نظام کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں سیاسی انہوں نے مختلف وفود سے بات

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سدرن چائنہ بک فیئر، پاکستانی قومی پویلین توجہ کا مرکز

پاک چین ثقافتی روابط کے فروغ میں کتابیں اہم پل ہیں، پاکستانی قونصل جنرل

گوانگ ژو (این این آئی) سدرن چائنہ بک فیئر 2026 میں پاکستانی قومی پویلین کا افتتاح کر دیا گیا۔ کتب میلے کا انعقاد گوانگ ژو کے پاژو انٹرنیشنل کنونشن اینڈ ایکسپو سینٹر کمپلیکس میں ہوا۔ ثقافتی نمائشوں اور ادبی تخلیقات سے مزین خصوصی پاکستانی پویلین

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں لسانی نہیں، انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں، خالد مقبول صدیقی

ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں

ڈیلس (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین و وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے۔ ڈیلس میں ایم کیو ایم کے چیپٹر میں خالد مقبول صدیقی نے اسٹینڈ ود پاکستان کی تقریب

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد، عوام کی بے لوث خدمت اور حلقے کی ترقی ہمارا اولین وژن ہے، فیصل خان جمالی

سیاست کا مقصد اقتدار نہیں بلکہ عوام کے مسائل کا حل ہے، تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلیں گے، یو این اے سے گفتگو

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ اٹوٹ اور مضبوط ہے، حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کے لیے تمام برادریوں اور طبقات کو ساتھ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ اقلیتی کاکس کمیٹی کا اقلیتوں کی بھرتیوں، منتقلی اور تاریخی مذہبی مقامات کی بحالی سے متعلق اہم امور پر غور

اسلام آباد (اے این این) اقلیتوں سے متعلق پارلیمانی کاکس کا اجلاس سینیٹر دنیش کمار کی کنوینرشپ میں منعقد ہوا، جس میں اقلیتوں کے حقوق، اسلام آباد پولیس میں اقلیتی کوٹے کے تحت بھرتیوں، غیر رجسٹرڈ آبادیوں اور وفاقی دارالحکومت میں تاریخی عبادت گاہوں کی بحالی سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں آئی جی اسلام آباد پولیس کی عدم شرکت پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکہ نے ایران کیخلاف ٹینکر کے بدلے ٹینکر پالیسی شروع کر دی

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس نئی پالیسی کی منظوری دے دی ہے، امریکی عہدیدار

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے ایران کے ساتھ آبنائے ہرمز میں جاری محاذ آرائی کو ایک نئی سطح پر پہنچا دیا ہے۔ امریکی فوج نے ایرانی حکومت سے وابستہ دو آئل ٹینکرز کو نشانہ بنایا ہے، جسے واشنگٹن کی نئی پالیسی کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ اس پالیسی کو ایک

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں، اویس لغاری

توانائی کے شعبے میں مضبوط تعاون دونوں ممالک کی وسیع تر اقتصادی شراکت داری اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں بالخصوص بجلی کی باہمی ترسیل، قابل تجدید توانائی، بجلی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھایا جا سکتا ہے۔ بدھ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت کی ویت نام کی حکومت اور عوام کو 81ویں قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ویت نام کے صدر تو لام، حکومت اور ویت نام کے عوام کو 81ویں قومی دن کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے اپنے تہنیتی خط میں کہا کہ 1945 میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے ویت نام نے متعدد چیلنجوں پر قابو پایا ہے اور سیاسی، معاشی اور سماجی شعبوں میں نمایاں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اگست میں مہنگائی کی سالانہ شرح 11.15 فیصد ریکارڈ

سالانہ بنیاد پر ٹرانسپورٹ کرایے 20 فیصد تک بڑھ گئے جبکہ ہاؤسنگ، پانی، بجلی اور گیس 8.7 فیصد مہنگی ہوئی

کراچی (این این آئی) ملک پیٹرول اور ڈیزل کے دام بڑھتے جا رہے ہیں اور مہنگائی نے ایک بار پھر ڈبل ڈیجٹ کی حد عبور کر لی۔ علاج اور سفر تک ہر چیز کے اخراجات بڑھ گئے۔ ملک میں شرح مہنگائی میں ایک ماہ میں تقریباً دو فیصد اضافہ ہو گیا۔ اگست میں سالانہ شرح 11.15 ریکارڈ کی گئی۔ عام آدمی کے بجٹ سے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مودی حکومت کی سندھ طاس معاہدے کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون کے سامنے ناکام ہوگئی، جمال ریسانی

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان ریسانی نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو سیاسی دباؤ کے لیے استعمال کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون کے سامنے ناکام ہو گئی۔ عالمی ثالثی عدالت کا سندھ طاس معاہدے سے متعلق فیصلہ پاکستان کے مؤقف کی ایک اہم قانونی اور سفارتی کامیابی ہے۔ بدھ کو میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا دو اہم ورثہ مقامات کو یونیسکو کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کیلئے تعاون کا مطالبہ

پاکستان یونیسکو اور کنزرویشن کی عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شمولیت کے لیے باضابطہ طور پر یونیسکو اور ہاؤس سے تعاون مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے یونیسکو سے خیبر پختونخوا کے تاریخی مقام رانی گھاٹ اور سندھ کے قدیم شہر بھنبھور کو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کے لیے تعاون اور معاونت فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ یہ درخواست پاکستان میں یونیسکو کے نمائندے فواد پاشائیف اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سی ٹی ڈی کراچی کا آپریشن، کالعدم ٹی ٹی پی کے 2 اہم دہشتگرد گرفتار

افغانستان سے کراچی پہنچنے والے دہشت گرد رینجرز و پولیس کے اہم مقامات کی ریکی کر رہے تھے، 2 ہینڈ گرینیڈ برآمد

کراچی (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کراچی نے وفاقی سول حساس ادارے کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر کامیاب مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنۃ الخوارج، کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے مفتی سعد گروپ سے وابستہ 2 اہم دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی کے دوران گرفتار دہشت

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پانی کے معاملے پر پاکستان کو عالمی سطح پر منوانا ایک بڑی کامیابی ہے

وزیر دفاع

سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کو بڑی سفارتی کامیابی ملی، بھارت کو جنگی و سفارتی محاذ پر شکست ہوئی، خواجہ آصف

سندھ طاس معاہدے کا معاملہ ہو یا جنگ کا، پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے سرخرو کیا ہے، سندھ طاس معاہدے کے معاملے پر پاکستان کو بڑی فتح نصیب ہوئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے معاملے پر عالمی کمیشن نے پاکستان کے مؤقف کو واضح اور دو ٹوک طور پر درست قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ ڈیڑھ دو سال کے دوران بھارت کو ہر محاذ پر جنگی اور سفارتی محاذ پر شکست ہی شکست ملی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف سے سوال کیا گیا کہ سندھ طاس معاہدے کے معاملے پر پاکستان کو بڑی فتح نصیب ہوئی ہے، اس پر وہ کیا کہیں

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت کے شعبے میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے بخت محمد کاکڑ

موجودہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، وزیر صحت بلوچستان

موجودہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز اور طبی عملے کی موجودگی سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے شہریوں کو علاج معالجے کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

دفتر خارجہ

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جاسکتا

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امن کا فریم ورک موجود ہے، پاکستان پر امید ہے امریکا و ایران بالآخر مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا، بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کر سکتا۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان نے کہا کہ امریکا ایران حالیہ کشیدگی کے باوجود پاکستان مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے مسئلے کے حل کیلئے پرامید ہے۔ پاکستان پر امید ہے امریکا ایران مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے ترجمان نے کہا کہ موجودہ کشیدگی تشویشناک اور ناپسندیدہ ہے تاہم پاکستان امن عمل سے مایوس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جاسکتا، امریکا ایران تنازع کے حل کے لیے پاکستان مکمل خلوص کے ساتھ امن عمل میں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوہستان مری، نوجوان رہنما شہیک مری نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ڈویلپمنٹ آفیسر نہال بگٹی کی کارکردگی کو سراہا دیا ہے

سوشل میڈیا پر افسر کے خلاف مبینہ منفی مہم کی شدید مذمت، ترقیاتی کاموں کو متاثر نہ کرنے کی اپیل

کوہستان مری (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ڈویلپمنٹ آفیسر نہال بگٹی کی کارکردگی کو نوجوان رہنما شہیک مری نے قابل ستائش قرار دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر ان کے خلاف مبینہ منفی مہم کی مذمت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہستان مری سے تعلق رکھنے والے نوجوان رہنما شہیک مری نے اپنے ایک پریس ریلیز میں کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ڈویلپمنٹ آفیسر نہال بگٹی کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہال بگٹی ضلع میں ترقیاتی امور کی انجام دہی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہے ہیں۔ شہیک مری کا مزید کہنا تھا کہ نہال بگٹی کے خلاف سوشل میڈیا پر ایک منظم انداز میں مبینہ منفی مہم چلائی جا رہی ہے۔

کوئٹہ میں جے یو آئی ضلع کوئٹہ کا اہم نمائندہ اجلاس آج طلب، تنظیمی امور اور عوامی مسائل پر غور ہوگا

امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی سیکرٹریٹ اینگل روڈ پر اجلاس، امراو نظما کو شرکت کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے اور جماعتی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید موثر اور فعال بنانے کے لیے مختلف سماجی کمیٹیوں نے باقاعدہ طور پر اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی کا آغاز کردیا ہے، جبکہ جمعیت علما اسلام کی بنیادی سطح پر کارکردگی کو مزید مضبوط، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے بھی مختلف اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے ضلع کوئٹہ بھر کے تمام یونٹوں اور تحصیلوں کے امراو نظما صاحبان کا ایک اہم نمائندہ اجلاس آج بروز جمعرات 3 ستمبر کو سہ پہر 3 بجے ضلعی سیکرٹریٹ واقع اینگل روڈ کوئٹہ میں طلب کرلیا ہے۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری تنظیمی سرگرمیوں، عوامی مسائل کے حل کے لیے قائم سماجی کمیٹیوں کی کارکردگی، یونٹ اور تحصیل کی سطح پر تنظیمی امور کو مزید فعال بنانے، عوامی رابطہ مہم کو منظم بنانے اور آئندہ کے لائحہ عمل سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔ اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نے ضلع بھر کے تمام امراو نظما صاحبان سے اپیل کی ہے کہ وہ اجلاس کی اہمیت کے پیش نظر مقررہ وقت پر اپنی شرکت یقینی بنائیں۔

تبلیغ دین سے خدمتِ خلق تک، دعوت اسلامی کی 45 سالہ خدمات روشن مثال بن گئیں ذوالفقار طارق

45ویں یوم دعوت اسلامی کی تکمیل، عالمگیر دینی و فلاحی خدمات کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہیں، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے اپنی تحریری بیان میں 45ویں یوم دعوت اسلامی مکمل ہونے پر دعوت اسلامی کی دینی، تبلیغی، سنت اشاعتی اور فلاحی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دعوت اسلامی اس وقت پوری دنیا میں تبلیغ کے ذریعے دین اسلام کا پیغام عام کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ دعوت اسلامی نے تبلیغ دین کے ساتھ ساتھ نشر و اشاعت کے میدان میں بھی بھرپور کردار ادا کیا ہے اور دین اسلام کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے مختلف ذرائع سے مسلسل خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں دعوت اسلامی کی دینی سرگرمیاں جاری ہیں، جس کے ذریعے لوگوں تک قرآن و سنت کی تعلیمات اور دین اسلام کا پیغام پہنچایا جا رہا ہے۔ دعوت اسلامی کی خدمات صرف تبلیغ اور نشر و اشاعت تک محدود نہیں بلکہ مشکل اور آزمائش کی گھڑی میں بھی اس نے عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے۔ ملک میں سیلابی صورتحال ہو، زلزلوں کے باعث نقصانات ہوں یا عوامی فلاح و ترقی کے حوالے سے کوئی ضرورت درپیش ہو۔

بیلا میں ریسکیو 1122 کے اہلکار دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم

بیلا (یو این اے) بلوچستان میں ہنگامی حالات کے دوران عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے شب و روز خدمات انجام دینے والے ایم ای آر سی 1122 کے اہلکار گزشتہ دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، جبکہ متعدد ملازمین گزشتہ سات سال سے کنٹریکٹ بنیادوں پر فرائض انجام دے رہے ہیں۔ 1122 میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر کے اہلکار شدید گرمی، سردی، دشوار گزار پہاڑی علاقوں اور خطرناک حادثات میں اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر متاثرین تک پہنچنے اور زخمیوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی اور محفوظ مقامات تک منتقلی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ٹریفک حادثات سمیت مختلف ہنگامی صورتحال میں ان کی بروقت کارروائیاں قیمتی انسانی جانیں بچانے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ تاہم عوام کی جانیں بچانے والے یہ اہلکار خود مالی مشکلات سے دوچار ہیں۔ دو ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ملازمین کے لیے روزمرہ اخراجات، ڈیوٹی پر آمد و رفت اور گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

جیکب آباد میں اے ایس آئی کے گھر سے بڑی چوری،

چور 28 لاکھ روپے نقدی اور 10 تولہ سونا لے اڑے

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں اے ایس آئی کے گھر سے بڑی چوری، چور 28 لاکھ روپے نقدی اور 10 تولہ سونا لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ایئرپورٹ تھانے کی حدود گاؤں احمد میاں سومرو میں نامعلوم چور سپاہی بابو جمیل احمد اوڈھو اور اے ایس آئی منیر احمد اوڈھو کے گھر کا صفایا کر گئے، نامعلوم چور گھر سے 28 لاکھ روپے نقدی، 10 تولہ سونا اور دیگر قیمتی سامان چوری کر کے فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق نامعلوم ملزمان رات گئے گھر میں داخل ہوئے اور گھر میں موجود نقد رقم اور طلائی زیورات سمیت دیگر قیمتی سامان لے کر فرار ہو گئے۔ واردات کی اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور گھر کا معائنہ کر کے شواہد اکٹھے کیے، دوسری جانب ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی نے پولیس افسران کے ہمراہ جائے وقوعہ کا دورہ کیا، پولیس کے مطابق ابتدائی اطلاعات میں گھر سے تقریباً 28 لاکھ روپے نقدی اور 10 تولہ سونا و دیگر قیمتی سامان چوری ہونے کی بات سامنے آئی ہے۔

کوہستان مری میں میونسپل کمیٹی کے فنڈز سے بننے والی سڑک کا کام طویل التوا کا شکار ہے

سڑک پر اڑنے والی دھول اور مٹی سے شہریوں کو مشکلات، کام فوری مکمل کرانے کا مطالبہ

کوہستان مری (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی میونسپل کمیٹی کے فنڈز سے تعمیر ہونے والی سڑک کا کام طویل عرصے سے التوا کا شکار ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ سڑک پر اڑنے والی دھول اور مٹی نے شہریوں کی پریشانی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کوہستان مری میں میونسپل کمیٹی کے فنڈز سے شروع کیا گیا سڑک کی تعمیر کا کام سست روی کا شکار ہو کر نامکمل پڑا ہے۔ سڑک پر تعمیراتی کام مکمل نہ ہونے کے باعث آمد و رفت کرنے والے شہریوں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں، جبکہ گاڑیوں کی آمد و رفت سے اٹھنے والی دھول مٹی سے شہری اور دکاندار بھی متاثر ہو رہے ہیں۔

کوئٹہ میں شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے مزید 27 الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

بسیں چین سے درآمد کی جائیں گی، ٹینڈر جاری کر دیے گئے، غیر فعال روٹس پر چلائی جائیں گی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی حکومت نے کوئٹہ شہر میں شہریوں کو بہتر اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف روٹس پر مزید 27 الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ کر لیا، بسیں چین سے درآمد کی جائیں گی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے حکام کے مطابق کوئٹہ میں پرانی لوکل بسوں کی سروس بند ہونے کے باعث اندرون شہر شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ اس وقت گرین اور پنک بسوں کے مختلف روٹس پر روزانہ ہزاروں شہری سفر کر رہے ہیں۔ حکام کے مطابق شہریوں کو درپیش سفری مشکلات کے پیش نظر صوبائی حکومت کی منظوری سے مزید 27 الیکٹرک بسیں خریدنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جن کی خریداری کے لیے ٹینڈر بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

قلات پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چور گینگ کے 3 ارکان اور 5 مفرور ملزمان گرفتار

چوری شدہ موٹر سائیکلیں، اسپیئر پارٹس، بجلی کی تاریں برآمد، ڈی ایس پی قلات ماہیوال خان جاموٹ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (یو این اے) قلات پولیس نے موٹر سائیکل چوری میں مبینہ طور پر ملوث گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ مختلف مقدمات میں مطلوب پانچ مفرور ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔ ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او قلات ماہیوال خان جاموٹ نے بتایا کہ شہر میں موٹر سائیکل چوری کی بڑھتی ہوئی شکایات پر ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کی ہدایت پر پولیس کی خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مغفرلی سے محمد اختر کو گرفتار کر کے ایک چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کی۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کی نشاندہی پر پس شہر میں ایک خالی مکان پر چھاپہ مارا گیا جہاں پر مزید دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو موٹر سائیکلیں، بڑی تعداد میں موٹر سائیکلوں کے اسپیئر پارٹس اور چوری شدہ بجلی کی تاریں برآمد ہوئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور موٹر سائیکل چوری کی دیگر وارداتوں سمیت چوری شدہ پرزہ جات اور بجلی کی تاروں کی خرید و فروخت سے متعلق تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

اسلامی نعروں کو دہشتگردی سے جوڑنا ناقابلِ قبول ہے، شجاع الحق شاہ

ملک اسلام کے نام پر قائم ہوا، اسلامی تشخص کے خلاف کوئی اقدام قبول نہیں کیا جائے گا، بیان

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ پیر طریقت رہبر شریعت علامہ شجاع الحق شاہ ہاشمی نورانی، پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی صدر صاحبزادہ سعد اللہ خان باروزئی و دیگر علماء کرام نے تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس سے سبی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں اسلامی نعروں پر دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمات کا اندراج انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش امر ہے۔ پنجاب حکومت ہوش کے ناخن لیتے ہوئے علماء و عوام اہلسنت کے خلاف درج کیے گئے تمام مقدمات کو فی الفور واپس لے، کیونکہ اسلامی نعروں اور دینی جذبات کا اظہار دہشت گردی نہیں بلکہ مسلمانوں کے بنیادی مذہبی جذبات کا حصہ ہے۔ لبیک کا نعرہ حق اور باطل کا فیصلہ ہے۔ اس نعرے کی بنیاد محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تحفظ کے جذبے پر ہے۔ پرامن انداز میں اپنے دینی جذبات کا اظہار کرنے والے کارکنان پر دہشت گردی کی دفعات لگانا کسی صورت مناسب نہیں اور اس سے عوام میں مزید تشویش پیدا ہوتی ہے۔ یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ اس ملک کے قیام کا بنیادی مقصد یہی تھا کہ یہاں مسلمان اپنی دینی اقدار، اسلامی تشخص اور اسلامی قوانین کے مطابق آزادانہ زندگی گزار سکیں۔

اوستا محمد میں صفائی کا نظام تباہی کے دہانے پر گلیاں اور سڑکیں کچرے کا ڈھیر بن گئیں

دوسری جانب شہر میں جمع کچرے سے مکھیاں اور مچھر پیدا ہونے کے ساتھ تعفن پھیل رہا ہے، عوامی حلقے

اوستا محمد (اے این این) اوستا محمد شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام بدترین صورتحال اختیار کر گیا بلدیاتی ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث صفائی کا عمل تقریباً مفلوج ہونے سے شہر کی گلیاں سڑکیں اور مختلف رہائشی علاقے کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہوتے گئے ہیں جبکہ تعفن اور بدبو کے باعث شہریوں کا جینا دوبھر ہو گیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں کئی روز سے کچرا نہ اٹھائے جانے کے باعث گندگی کے ڈھیر بڑھتے جا رہے ہیں جس سے نہ صرف شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے بلکہ مساجد میں نماز کی ادائیگی کے لیے آنے والے نمازی بھی شدید پریشانی سے دوچار ہیں۔ گلیوں اور سڑکوں پر پھیلا کچرا ٹریفک اور پیدل آمد و رفت میں بھی رکاوٹ بن رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بلدیاتی ملازمین خود مالی مشکلات کا شکار ہیں اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی نے ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے کر دیے ہیں ایسے حالات میں صفائی کے نظام کو موثر انداز میں چلانا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ دوسری جانب شہر میں جمع کچرے سے مکھیاں اور مچھر پیدا ہونے کے ساتھ تعفن پھیل رہا ہے۔

چھتر، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول احسان علی کھوسہ

بنیادی سہولیات سے محروم، طالبات شدید مشکلات کا شکار

چھتر (یو این اے) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم، بچیاں مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد کی تحصیل میرحسن خان کھوسہ میں قائم گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث مسائل کا شکار ہے، اسکول میں پینے کے پانی، بجلی اور واش روم کی سہولت میسر نہیں، جبکہ فرش بھی جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کے باعث طالبات کو تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ سکول میں زیر تعلیم بچیوں کے لیے بنیادی ضروریات پوری نہ ہونے کے باعث تعلیمی ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ شدید گرمی کے موسم میں بجلی اور پانی کی سہولت نہ ہونا طالبات کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے، جبکہ واش روم کی عدم دستیابی بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ سکول کے مختلف حصوں کا فرش ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث بچیوں کو بیٹھنے اور آمد و رفت میں دشواری پیش آتی ہے۔ والدین اور علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بچیوں کو بہتر اور محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے سکول میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ اہل علاقہ نے محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ کا فوری طور پر معائنہ کرایا جائے۔

مہرگڑھ پر ڈرون حملہ قابل مذمت ہے

نواب اسلم رئیسانی

مہرگڑھ پر ڈرون حملہ قابلِ مذمت ہے، قومی و تاریخی ورثے اور لوگوں کے گھروں کو نشانہ بنانے سے محرومی و نفرت بڑھے گی

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں مہرگڑھ پر حالیہ ڈرون حملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے قابل مذمت قرار دیا ہے۔ نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ مہرگڑھ ہمارا تاریخی ورثہ، قبائلی یکجہتی اور امن کا مرکز ہے۔ ریاست کی جانب سے بار بار اس مرکز کو نشانہ بنانا اور حالیہ ڈرون حملہ انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اس خدشے کو تقویت دیتا ہے کہ بلوچستان میں طاقت کے استعمال میں مزید اضافہ کیا جا رہا ہے جبکہ پرامن سیاسی اور جمہوری جدوجہد کے راستے کو محدود کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مہرگڑھ کسی ایک فرد کا گھر نہیں بلکہ ایک قومی، تاریخی اور قبائلی مرکز ہے۔ ایسے واقعات لوگوں میں محرومی اور نفرت کو مزید بڑھاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست کے ذمہ داران کو سمجھنا چاہیے کہ قومی ورثے اور لوگوں کے گھروں کی بے حرمتی کو تاریخ کبھی فراموش نہیں کرتی۔ نواب اسلم رئیسانی نے واضح کیا کہ قومی اور قبائلی حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن اور

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی؛ پروگرام ڈائریکٹر کمک منیر قمبرانی معذور افراد میں تھری ویل موٹر سائیکل و الیکٹرک اسکوٹرز تقسیم کر رہے ہیں

کچھی کے دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ کی عدم دستیابی محکمہ صحت کے ملازمین کو آن لائن حاضری میں شدید مشکلات

کچھی بولان کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں کا صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے دیہی ملازمین کو ایپ سے مستثنیٰ قرار دینے کا مطالبہ

بولان (اے این این) بلوچستان کے ضلع کچھی بولان کے دیہی علاقوں میں محکمہ صحت کے ملازمین کو انٹرنیٹ سے منسلک حاضری ایپ کے استعمال میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس کے باعث ملازمین کی حاضری کا عمل نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کے مختلف دیہی علاقوں میں موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروس کئی کئی روز تک معطل رہتی ہے جبکہ پی ٹی سی ایل کی سہولیات بھی مکمل طور پر عدم دستیاب ہیں۔ سروس کی عدم موجودگی اور انتہائی سست رفتاری انٹرنیٹ کے باعث محکمہ صحت کے اہلکار بروقت آن لائن حاضری درج نہیں کر پاتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں غیر حاضر تصور کر کے ان کی ماہانہ تنخواہوں سے بھاری کٹوتیاں کی جا رہی ہیں انٹرنیٹ کی معطلی سے نہ صرف سرکاری ملازمین متاثر ہو رہے ہیں بلکہ عام شہریوں، تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ہر افراد کو بھی رابطہ کاری میں سخت دشواریوں کا سامنا ہے۔ کچھی بولان کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ کا نظام بہتر نہیں ہوتا تب تک دیہی علاقوں کے ملازمین کو حاضری ایپ سے استثنیٰ دیا جائے تاکہ ان کا معاشی استحصال بند ہو سکے۔

کوئٹہ، بی این پی کے رہنما غلام نبی مری کا سردار عطاء اللہ خان مینگل کو ان کی پانچویں برسی پر خراج عقیدت

سردار عطاء اللہ خان مینگل نے پوری زندگی مظلوم اقوام کے حقوق کے لیے جدوجہد اور استحصالی قوتوں کے خلاف مزاحمت کی، غلام نبی مری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری نے ممتاز بلوچ قوم پرست، وطن دوست اور عظیم سیاسی رہنما سردار عطاء اللہ خان مینگل کی پانچویں برسی کے موقع پر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل کی قومی، وطنی اور سیاسی جدوجہد اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ اپنے ایک بیان میں غلام نبی مری نے کہا کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل نے اپنی پوری زندگی بلوچ قوم، بلوچستان اور محکوم و مظلوم اقوام سمیت تمام انسانوں اور پسے ہوئے طبقات کے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد میں گزاری۔ انہوں نے آمرانہ اور استحصالی قوتوں کے خلاف پوری زندگی مزاحمت کی اور اپنے اصولوں پر آخری دم تک ثابت قدم رہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل نے اپنے اصولوں اور نظریات پر کبھی سر تسلیم خم نہیں کیا، جس کی پاداش میں انہیں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں، جلاوطنی اختیار کرنا پڑی اور اپنے لخت جگر کی قربانی بھی دینی پڑی، تاہم وہ اپنے قومی و سیاسی مقف سے دستبردار نہیں ہوئے۔

پولیس کے اعلیٰ حکام ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے، توقیر احمد

پولیس ملازمین عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے احسن طریقے سے ڈیوٹیاں انجام دے رہے ہیں

جعفرآباد (اے این این) بلوچستان کانسٹیبلری جعفرآباد ونگ کیلانی آفیسر توقیر احمد نے کہا ہے کہ پولیس کے اعلیٰ حکام ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں ہے پولیس ملازمین عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے احسن طریقے سے ڈیوٹیاں انجام دے رہے ہیں کوتاہی برتنے والے اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیس ملازمین سے ملاقات کے دوران کیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے افسران اور جوانوں نیامن و امان کی بحالی کے لئے احسن طریقے خدمات انجام دیں ہیں اور راہ میں انہوں نے شہادت کا رتبہ حاصل کیا پولیس جوانوں نے بہترین اور عمدہ طریقے سے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دی ہیں پولیس محکمے میں ڈسپلن کو ترجیح دیتی ہے کیونکہ امن و امان برقرار رکھنے والے ادارے ڈسپلن کی پابند ہے۔

امریکی حملے میں شادی کی تقریب نشانہ بن گئی 4 افراد شہید 35 زخمی

جنوبی بندرگاہی شہر بندر عباس کے مشرقی علاقے میں بھی دھماکے ہوئے جبکہ امریکی فورسز نے جنوب مشرقی ایران میں جیرفت ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنایا

تہران (این این آئی) ایران میں امریکی فوجی کارروائیوں کی نئی لہر کے دوران سیرک کے قریب ایک شادی کی تقریب کو بھی نشانہ بنائے جانے کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حملے میں 4 افراد شہید جبکہ 35 زخمی ہوئے۔ ایرانی ذرائع کے مطابق امریکا نے ایک بار پھر ایران کے مختلف علاقوں میں فضائی حملے کیے جن کے دوران قشم جزیرے، بندر عباس اور دیگر مقامات پر دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں۔ رپورٹس کے مطابق قشم جزیرے کے ماسان گاؤں کے قریب 5 سے زائد دھماکے ہوئے جبکہ آبنائے ہرمز کے نزدیک مزید 4 دھماکوں کی آوازیں بھی سنی گئیں۔ جنوبی بندرگاہی شہر بندر عباس کے مشرقی علاقے میں بھی دھماکے ہوئے جبکہ امریکی فورسز نے جنوب مشرقی ایران میں جیرفت ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنایا۔ سیرک کے ڈپٹی گورنر کے مطابق شادی کی تقریب پر ہونے والی کارروائی میں 2 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے۔ ہلاکتوں کی تعداد کے حوالے سے ایرانی ذرائع کی رپورٹس میں تضاد پایا جاتا ہے۔ دوسری جانب امریکی حکام کی جانب سے اس حملے کے حوالے سے کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔

کوئٹہ سریاب کے علاقے شالکوٹ میں پولیس مقابلہ کے دوران ایک ملزم ہلاک جبکہ ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

میاں صاحب پولیس کی کارروائی، ٹیکسی ڈرائیور

کے قتل کا مطلوب ملزم گرفتار، مسروقہ گاڑی برآمد

جیکب آباد (اے این این) میاں صاحب پولیس کی کارروائی، ٹیکسی ڈرائیور کے قتل کا مطلوب ملزم گرفتار، مسروقہ گاڑی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق شکارپور ضلع کے تھانہ میاں صاحب کی پولیس نے ایک ماہ قبل جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے رہائشی ٹیکسی ڈرائیور حافظ عبدالسمیع بنگلانی کو لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر قتل کرنے کے مقدمے میں کارروائی کرتے ہوئے ایک مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ مقتول سے چھینی گئی گاڑی بھی برآمد کر لی گئی ہے، پولیس کے مطابق حافظ عبدالسمیع بنگلانی کو ایک ماہ قبل میاں صاحب تھانے کی حدود زیر خیل لنک روڈ پر لوٹ مار کے دوران مزاحمت کرنے پر قتل کر دیا گیا تھا جس کے بعد واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں شروع کی گئی تھیں میاں صاحب پولیس کا کہنا ہے کہ قتل کیس میں چار ملزمان نامزد ہیں جن میں سے ایک مطلوب ملزم عمران بروہی کو رتو دیرو کے علاقے میں سرچ آپریشن کے بعد گرفتار کیا گیا پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے پستول بھی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

بولان، دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ کی عدم دستیابی اور حاضری ایپ کے استعمال میں مشکلات، ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتیاں

سیاسی اور سماجی حلقوں کا وزیر صحت سے نوٹس لینے کا مطالبہ، انٹرنیٹ کی فراہمی تک ملازمین کو ایپ سے استثنیٰ دینے کی اپیل

بولان (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کچھی بولان کے دیہی علاقوں میں محکمہ صحت کے ملازمین کو انٹرنیٹ سے منسلک حاضری ایپ کے استعمال میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جس کے باعث ملازمین کی حاضری کا عمل نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کے مختلف دیہی علاقوں میں موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروس کئی کئی روز تک معطل رہتی ہے جبکہ پی ٹی سی ایل کی سہولیات بھی مکمل طور پر عدم دستیاب ہیں سروس کی عدم موجودگی اور انتہائی سست رفتاری انٹرنیٹ کے باعث محکمہ صحت کے اہلکار بروقت آن لائن حاضری درج نہیں کر پاتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں غیر حاضر تصور کر کے ان کی ماہانہ تنخواہوں سے بھاری کٹوتیاں کی جا رہی ہیں انٹرنیٹ کی معطلی سے نہ صرف سرکاری ملازمین متاثر ہو رہے ہیں بلکہ عام شہریوں تاجر برادری ٹرانسپورٹرز اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ہر افراد کو بھی رابطہ کاری میں سخت دشواریوں کا سامنا ہے۔

پولیس کے اعلیٰ حکام ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے، توقیر احمد

پولیس ملازمین عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے احسن طریقے سے ڈیوٹیاں انجام دے رہے

فرید آباد (اے این این) بلوچستان کانسٹیبلری جعفرآباد ونگ کیلانی آفیسر توقیر احمد نے کہا ہے کہ پولیس کے اعلیٰ حکام ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں ہے پولیس ملازمین عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے احسن طریقے سے ڈیوٹیاں انجام دے رہیں کوتاہی برتنے والے اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیس ملازمین سے ملاقات کیدوران کیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے افسران اور جوانوں نیامن وامان کی بحالی کے لئے احسن طریقے خدمات انجام دیں ہیں اور راہ میں انہوں نے شہادت کا رتبہ حاصل کیا پولیس جوانوں نے بہترین اور عمدہ طریقے سے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دی ہیں پولیس محکمے میں ڈسپلن کو ترجیح دیتی ہے کیونکہ امن وامان برقرار رکھنے والے ادارے ڈسپلن کی پابند ہیں پولیس جوان ڈسپلن کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں انہوں نے ملازمین سے کہا کہ اعلیٰ حکام پولیس ملازمین کی بہتری کے لئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد پنشن کیسز ڈسپوزل کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لورالائی، ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کیلئے تجاوزات

کے خلاف گرینڈ آپریشن، غیر قانونی سامان ضبط

لورالائی (یو این اے) شہر میں ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم اور ایس ڈی پی او غلام اکبر کی نگرانی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے ہمراہ تحصیل روڈ اور ژوب روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے سامنے غیر قانونی طور پر رکھا گیا سامان، میزیں، کرسیاں، سولر شیشے اور دیگر اشیا میونسپل کمیٹی کے عملے نے تحویل میں لے لیں۔

بسیمہ میں پاک فوج کے 328 بریگیڈ کے کمانڈر حسین مسعود نے جدید آئی ٹی سینٹر کا افتتاح کر دیا

آئی ٹی سینٹر کا قیام علاقے کے نوجوانوں اور طلبہ کے لیے ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے

بسیمہ (اے این این) بسیمہ میں پاک فوج کے 328 بریگیڈ کے کمانڈر حسین مسعود نے علاقے میں اپنی نوعیت کے پہلے جدید آئی ٹی سینٹر کا افتتاح کر دیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایریا کمانڈر کرنل سالار کا کہنا تھا کہ آئی ٹی سینٹر کا قیام علاقے کے نوجوانوں اور طلبہ کے لیے ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے ہم نے موجودہ دنیا کے جدید چیلنجز کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقے میں یہ جدید سینٹر کی قیام عمل میں لائی جہاں طلبا کو جدید کمپیوٹر ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق مختلف علوم سیکھنے اور اپنی فنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے مواقع میسر آئیں گے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے علاقہ مکینوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا کہ موجودہ دور ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تعلیم اور مصنوعی ذہانت (Intellige Artificial) کا دور ہے، ایسے میں بسیمہ جیسے دور افتادہ علاقے میں جدید آئی ٹی سینٹر کا قیام نوجوان نسل کے لیے ایک انتہائی اہم قدم ہے۔ اس مرکز کے ذریعے طلبہ اور نوجوان اے آئی، مائیکروسافٹ آفس، کمپیوٹر آپریٹنگ، ڈیجیٹل اسکلز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سے متعلق دیگر جدید علوم و مہارتیں سیکھ سکیں گے انہوں نے کہا کہ جدید آئی ٹی تعلیم نوجوانوں کو صرف تعلیمی میدان میں ہی آگے بڑھنے کا موقع نہیں دے گی بلکہ انہیں فری لانسنگ، آن لائن روزگار، ڈیجیٹل کاروبار اور دیگر جدید شعبوں میں اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے قابل بھی بنائے گی۔ اس طرح یہ مرکز علاقے کے نوجوانوں کو جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے مقامی حلقوں نے ایریا کمانڈر کرنل سالار کی کوششوں سے بسیمہ میں آئی ٹی سینٹر کے قیام اور اس کے افتتاح کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے اس بات کا عملی ثبوت ہیں کہ علاقے کے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔

شہر کو صاف ستھرا خوبصورت اور منظم بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وریندر لعل

تین دن کے اندر شہر کی مرکزی شاہراہوں اور اہم مقامات سے ناجائز تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے

بابا کوٹ (اے این این) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت اہم اجلاس شہر سے ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے تین روز میں عملی اقدامات کی ہدایت واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ مراد جمالی پولیس حکام سمیت دیگر متعلقہ ضلعی افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ڈیرہ مراد جمالی شہر میں شہریوں کو درپیش مسائل، ٹریفک کی روانی سڑکوں کے دونوں اطراف قائم ناجائز تجاوزات غیر قانونی دکانوں و تھڑوں اور عوامی آمد و رفت میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ شہر کی مرکزی شاہراہوں اور اہم تجارتی علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کا نظام متاثر ہو رہا ہے بلکہ پیدل چلنے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولیات اور ٹریفک کی روانی کو مدنظر رکھتے ہوئے مین روڈ کے دونوں اطراف قائم تمام ناجائز تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور موثر کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے کہا کہ کسی بھی شخص یا دکاندار کو سرکاری اراضی فٹ پاتھ اور سڑک کے اطراف غیر قانونی قبضہ یا سامان رکھ کر عوامی راستے میں رکاوٹ پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ کے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے باقاعدہ ٹیمیں تشکیل دے کر عملی کارروائی شروع کی جائے۔

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل شہر میں ناجائز تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحبت پور کے سرکاری اسکولوں میں مفت کتب اور

وردیاں من پسند طلبا میں تقسیم کیے جانے کا انکشاف

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کے سرکاری اسکولوں میں حکومت کی جانب سے فراہم کردہ اسکول کی وردیاں اور مفت درسی کتب مستحق طلبا کے بجائے مبینہ طور پر من پسند افراد میں تقسیم کر دی گئی ہیں، جس کے باعث غریب طلبا ان سہولیات سے محروم رہ گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق تحصیل پنہور سنہڑی کے علاقے گورانازی اور اس سے ملحقہ روڈ پر قائم اسکولوں کے دورے اور صورتحال سے ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ تعلیم کی مبینہ غفلت کے باعث سرکاری تعلیمی نظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔

صحبت پور میں منشیات کی فراوانی اور جوئے کے

اڈوں نے نوجوان نسل کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں منشیات کی وبا اور سرعام جاری جوئے کے اڈوں نے نوجوان نسل کی زندگیوں کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پنہور سنہڑی، تحصیل لہڑی پور، تحصیل سعید خان، تحصیل حیدر دین، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کے مختلف علاقوں میں منشیات کے دھڑلے سے جاری کاروبار نے نوجوانوں کو اپنے حصار میں لے لیا ہے، جبکہ ہوٹلوں اور مختلف مقامات پر ٹوٹوں کے نمبر پر چلنے والے جوئے کی وجہ سے عام لوگ مقروض ہو کر تباہ ہو رہے ہیں۔ صرف صحبت پور شہر کے اندر متعدد ایسی کلبس اور جوئے کے اڈے چل رہے ہیں جہاں یہ غیر قانونی دھندے عروج پر ہیں۔ ان سنگین سماجی برائیوں کے باوجود متعلقہ پولیس اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی مجرمانہ خاموشی ہر ذی شعور کے لیے ایک سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے۔

جماعت کی جدوجہد جمہوریت اور آئین

کے تحفظ کیلئے ہے، جے یو آئی چمن

چمن (یو این اے) جمعیت علما اسلام چمن بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصیر الدین اور حافظ سیف الرحمان صدیقی نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام نے جمہوریت کے تحفظ کے لیے ہر دور میں آواز بلند کی اور جمعیت علما اسلام کی سیاسی جدوجہد محض اقتدار کے حصول تک محدود نہیں رہی بلکہ اس کا ایک نمایاں پہلو ملک میں آئین، جمہوریت اور پارلیمانی نظام کے تحفظ کی جدوجہد بھی ہے۔ جماعت نے مختلف سیاسی ادوار میں جمہوری قوتوں کے ساتھ مل کر آمریت کے خلاف آواز اٹھائی اور عوام کے حق نمائندگی کی حمایت کی۔ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ اس موقف کو تقویت دی کہ پاکستان میں حکومت کا حق عوام کے ووٹ سے طے ہونا چاہیے نہ کہ کسی غیر منتخب قوت کی مرضی سے۔ جماعت کی سیاست میں پارلیمنٹ کو ریاستی نظام کا بنیادی ادارہ اور آئین کو ملک کا متفقہ دستور سمجھا جاتا ہے۔

اسمبلیاں جب چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بن جائیں گے

اعظم نذیر تارڑ

وزیر اعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، لندن میں گفتگو

لندن (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیاں جب چاہیں گی، دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انتخابات پرامن اور شفاف ہوئے، آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا اسمبلیاں جب چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بن جائیں گے۔ پی سی بی نے فیلڈنگ کوچ کے لیے تلاش شروع کر دی۔ لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، آزاد کشمیر میں انتخابات پرامن اور شفاف ہوئے۔ صوبوں سے متعلق بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جب صوبائی اسمبلیاں اور پارلیمنٹ چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے اجلاس کی تاریخ

تبدیل، اب اجلاس 26 اور 27 ستمبر کو ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی کے جاری کردہ بیان کے مطابق پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس کی تاریخ میں تبدیلی کر دی گئی ہے۔ پارٹی سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی مشاورت اور مصروفیت کے پیش نظر 19 اور 20 ستمبر کو منعقد ہونے والا یہ اہم اجلاس اب 26 اور 27 ستمبر کو منعقد ہوگا۔ مرکزی کمیٹی کے تمام معزز ارکان سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ تاریخ میں کی جانے والی اس تبدیلی کا نوٹس لیں اور 26 اور 27 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں اپنی شرکت لازمی یقینی بنائیں۔

کوئٹہ میں ریلوے پولیس کی کارروائی، سریاب اسٹیشن پر قیمتی سامان کباڑ میں فروخت کرنے کی کوشش ناکام

اسٹیشن ماسٹر، اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر اور گینگ مین گرفتار، کروڑوں روپے مالیت کا ٹیلی کام پول اور سامان برآمد

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں ریلوے پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے سریاب ریلوے اسٹیشن سے ریلوے کا مبینہ طور پر چوری شدہ قیمتی سامان کباڑ میں فروخت کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ کارروائی کے دوران ریلوے اسٹیشن کے اسٹیشن ماسٹر، اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر اور ایک گینگ مین سمیت ریلوے کے تین ملازمین کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق کارروائی سریاب ریلوے اسٹیشن کے قریب عمل میں لائی گئی، جہاں ریلوے کا قیمتی اور اہم سامان مبینہ طور پر کباڑ میں فروخت کرنے کی غرض سے منتقل کیا جا رہا تھا۔ ریلوے پولیس نے اطلاع ملنے کے بعد فوری کارروائی کرتے ہوئے سامان اپنی تحویل میں لے لیا جبکہ مبینہ طور پر اس میں ملوث ریلوے ملازمین کو بھی گرفتار کر لیا گیا ایف آئی آر کے متن کے مطابق سریاب ریلوے اسٹیشن کے اسٹیشن ماسٹر اور اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر مبینہ طور پر گینگ مین کے ہمراہ ریلوے ٹیلی کام کے ایک کھمبے کو کاٹ رہے تھے۔ پولیس کے مطابق کھمبا کاٹنے کے لیے گیس کٹر کا استعمال کیا جا رہا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ریلوے پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کی اور ریلوے کا سامان قبضے میں لے لیا پولیس ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران ریلوے ٹیلی کام کا کھمبا اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔

سینئر صحافی ظاہر خان ناصر کے بڑے بھائی عبداللہ خان ناصر کے

انتقال پر تیسرے دن بھی ژوب میں فاتحہ خوانی جاری رہی

کوئٹہ (اے این این) سینئر صحافی ظاہر خان ناصر کے بڑے بھائی عبداللہ خان ناصر کے انتقال پر تیسرے دن بھی ژوب میں فاتحہ خوانی جاری رہی جس میں سیاسی، سماجی، مذہبی، قبائلی عمائدین، سول سائٹیز سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ان کے گھر جا کر فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائیں اور لواحقین کو صبر و جمیل عطاء فرمائیں ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر، صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، سلیم کھوسہ، حاجی محمد خان لہڑی اور بخت محمد کاکڑ، اراکین صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران، انجینئر زمرک خان اچکزئی، سیکرٹریز صالح محمد ناصر، رودالبلوچ، عمران کچکی، ہاشم خان غلزئی، حیات کاکڑ سمیت دیگر نے عبداللہ خان ناصر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔

اوتھل کے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

طلبہ کے درمیان نعت خوانی اور تقاریری مقابلے، پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کی پروقار تقریب۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کی نگرانی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار اور روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ، اساتذہ اور دیگر عاشقان رسول ﷺ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد طلبہ نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعتوں کے نذرانے پیش کیے۔ طلبہ نے سیرت طیبہ، اخلاق مصطفیٰ ﷺ اور عشق رسول ﷺ کے موضوعات پر تقاریر بھی کیں۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ منانے کا مقصد نئی نسل کے دلوں میں عشق رسول ﷺ کو مزید اجاگر کرنا اور انہیں سیرت مصطفیٰ ﷺ کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دینا ہے۔ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مبارک زندگی پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے، ہمیں آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا چاہیے۔ تقریب کے دوران درود و سلام کی صداؤں سے ماحول معطر رہا۔ آخر میں مختلف سرگرمیوں میں فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

بلوچستان کے نوجوان علم، تعلیم اور جدید ہنر پر توجہ دیں

بلوچستان کے نوجوان ہمارے عوام کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور ہنر کا دور ہے، اس لیے نوجوان اپنی پوری توجہ تعلیم پر دیں۔ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان کو پسماندگی سے ترقی کی طرف لے جا سکتی ہے۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ کسی قوم کا مستقبل صرف نعروں سے نہیں بدلتا تعلیم، کتاب، قلم، محنت، اچھے کردار اور مسلسل کوشش سے قوموں کا مستقبل بدلتا ہے۔ آج ہمیں دیگر اقوام کا مقابلہ ہتھیاروں سے نہیں بلکہ قلم سے کرنا چاہیے، ہمارے نوجوانوں کو ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ، سائنسدان، وکیل، افسران، محقق، اور ٹیکنالوجی کے ماہرین بننا چاہیے نوجوان محنت کریں اور زندگی کے ہر شعبے میں اعلیٰ مقام حاصل کریں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ جب نوجوان کامیابی حاصل کریں اور اچھے عہدوں پر پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف اپنے لیے استعمال نہ کریں، بلکہ اپنے علم اور مقام کو اپنے عوام اور بلوچستان کی خدمت کے لیے استعمال کریں نوجوان نسل کی رہنمائی کریں اور ایک بہتر معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر، سائنس، جدید صنعتوں اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی جدید ہنر سیکھنے، ان شعبوں میں داخل ہونے، نئے آئیڈیاز پیدا کرنے اور ٹیکنالوجی کا استعمال بلوچستان کی ترقی کے لیے کرنا چاہیے ہم ایک ایسا بلوچستان دیکھنا چاہتے ہیں جہاں تعلیم عام ہو، نوجوان ہنرمند ہوں، علم اور تحقیق کا احترام ہو اور ٹیکنالوجی ترقی کا ذریعہ بنے۔ بلوچستان کے نوجوان قوم کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور جدید ہنر کا دور ہے، اس لیے نوجوان اپنی تمام تر توجہ تعلیم اور مثبت سرگرمیوں پر مرکوز کریں۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان اور معاشرے کو پسماندگی سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ کسی قوم کا مستقبل صرف نعروں سے نہیں بدلتا بلکہ تعلیم، کتاب، قلم، محنت، اچھے کردار اور مسلسل جدوجہد سے قومیں ترقی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں دیگر اقوام کا مقابلہ ہتھیاروں سے نہیں بلکہ قلم اور علم سے کرنا چاہیے۔ بلوچستان کے نوجوان ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ، سائنسدان، وکلاء، افسران، محققین اور ٹیکنالوجی کے ماہرین بنیں اور محنت کے ذریعے زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں مقام حاصل کریں۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ نوجوان جب کامیابی حاصل کر کے اہم عہدوں تک پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف ذاتی مفاد تک محدود نہ رکھیں۔

گہنایا ہوا چاند

نسیم شاہد

سوشل میڈیا بھی غضب ڈھانے والی دو دھاری تلوار بن گیا ہے۔ پہلے بھی واقعات رونما ہوتے تھے، لوگ ملک سے باہر بھی جاتے تھے، مگر کسی کو فوری خبر نہیں ہوتی تھی۔ اب واقعات و مشاہدات ایسے امنڈے چلے آتے ہیں جیسے نیپال میں سیلاب آیا ہے۔ سب سے زیادہ مشکل وہ لوگ پیدا کرتے ہیں جو بیرون ملک جاتے ہیں اور اپنی سیاست پر توجہ دینے کی بجائے چن چن کر ایسی باتیں اور مناظر سامنے لاتے ہیں جو عام پاکستانیوں کا دل جلاتی ہیں۔ یہ تو ضرور لکھتے ہیں اس ملک کا ہر گوشہ حسین ہے بلکہ جنت نظیر ہے۔ کوئی کینیڈا جاتا ہے تو کسی مقام پر کھڑے ہو کر پہلی ویڈیو یہی بناتا ہے دنیا میں جنت دیکھنی ہو تو کینیڈا کو دیکھ لیں۔ کوئی نیویارک کے ٹائم سکوائر میں کھڑے ہو کر زندگی کی رنگینیوں کو نمایاں کرتے ہوئے کمنٹری کرتا ہے، زندگی کے رنگ دیکھنے ہوں تو نیویارک میں دیکھیں۔ ہمارے دوست محمد افضل شیخ یورپ کے دورے پر گئے ہوئے ہیں تو وہاں کی خوبصورتیوں کو سوشل میڈیا پر اجاگر کر رہے ہیں۔ کوئی دوست ان ممالک کے شاداں و فرحاں لوگوں کی چہل پہل کو دکھا کر کہتا ہے، دیکھو یہاں کسی کو کسی سے حسد ہے اور نہ کسی کو پرواہ، سب اپنی اپنی دھن میں مگن ہیں، نہ کوئی کسی کا مختصر لباس دیکھ کر چونک رہا ہے اور نہ کسی کو اعلیٰ یا ادنیٰ لباس سے کوئی غرض ہے۔ پھر کوئی دوست یہ خبر لے آتا ہے کہ ٹورانٹو کے کھانے نہ صرف ذائقے دار ہیں بلکہ خالص اجزاء سے تیار ہوتے ہیں۔ جو مٹن کڑاہی پاکستان میں کھا کے دو دن معدہ خراب رہتا ہے وہ وہاں کھائیں تو آسانی سے ہضم ہو جاتی ہے۔ کوئی یہ دور کی کوڑی لاتا ہے کہ دیکھو یہاں کانسٹیبل دور دور تک نظر نہیں آتا مگر اس کے باوجود ٹریفک روانی سے چلتی ہے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کا کوئی سوچتا بھی نہیں۔ کوئی ویڈیو بنا کے دکھاتا ہے دیکھو لندن کی سڑکیں لاہور سے چھوٹی ہیں لیکن وہاں ٹریفک چلتی ہے، جام نہیں ہوتی، کیونکہ سب لائن اور لین کی پرواہ کرتے ہیں۔ کوئی دوسرے ملکوں کے نظام انصاف کی خبر دیتا ہے اور کوئی کہتا ہے دیکھو میں یوکرائن میں ہوں، لیکن یہاں امن و امان کا کوئی مسئلہ نہیں۔ دن ہو یا رات آپ محفوظ ہیں پھر ایسے ستم ظریف بھی ہیں، جو صاف ستھری شاہراہوں، باغات، پارکوں اور شاپنگ سنٹروں کے مناظر دکھاتے ہوئے کہیں گے دیکھو یہ کتنے صاف ستھرے ہیں، حالانکہ یہاں ستھرا پنجاب جیسا کوئی ادارہ بھی نظر نہیں آتا۔ اب آپ ہی بتائیں کہ جب سوشل میڈیا کھولتے ہی ایسی پوسٹیں اور ویڈیوز نظر آئیں تو ہم جیسے پاکستانی کیسے ہضم کریں۔ پردہ پڑا رہے تو دکھ نہیں ہوتا، جب پردہ ہٹا دیا جائے تو موازنے کی وجہ سے پریشانی شروع ہو جاتی ہے۔

اندلس جب علم کے چراغ بجھے تو سلطنت بکھر گئی

نوید سحر

تاریخ کبھی مرتی نہیں صرف اپنے چہرے بدلتی ہے۔ کبھی وہ بغداد کے جلتے کتب خانوں کی راکھ سے اٹھتی ہے کبھی دہلی کے ویران قلعوں میں بولتی ہے اور کبھی غرناطہ کے الحمرا کی سرخ فصیلوں پر کھڑی ہو کر آنے والی نسلوں سے سوال کرتی ہے تمہیں دشمن نے شکست دی یا تم خود اپنی کمزوریوں کے سامنے ہار گئے۔ 2 جنوری 492 اندلس کی تاریخ کا وہ دن تھا جب غرناطہ کے آخری مسلمان حکمران ابو عبداللہ محمد المعروف بوعبدیل نے شہر کی چابیاں فرڈیننڈ اور ازابیلا کے حوالے کر دیں۔ یہ صرف ایک شہر کی چابیاں نہیں، بلکہ آٹھ صدیوں پر محیط ایک تہذیب کے سیاسی اقتدار کے آخری نشان تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ غرناطہ سے رخصت ہوتے وقت بوعبدیل نے الحمرا کو دیکھا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ اس کی والدہ نے کہا: جسے مردوں کی طرح بچا نہ سکے اس پر عورتوں کی طرح آنسو کیوں بہاتے ہو لیکن غرناطہ کے سقوط کو سمجھنے کے لیے ہمیں تقریباً آٹھ سو سال پیچھے جانا ہوگا 711ء میں طارق بن زیاد نے جبل الطارق کے راستے جزیرہ نما آئبیریا میں قدم رکھا۔ ویزی گوتھ سلطنت اندرونی اختلافات کا شکار تھی جس سے مسلمانوں کو پیش قدمی کا موقع ملا۔ چند برسوں میں اندلس میں ایک نئی سیاسی قوت قائم ہو گئی۔ 756ء میں عبدالرحمن الداخل نے قرطبہ میں اموی حکومت قائم کی۔ اس نے ایک منتشر خطے کو سیاسی مرکز دیا اور وہ بنیاد فراہم کی جس پر اندلس کی عظیم تہذیب تعمیر ہوئی۔ 929ء میں عبدالرحمن سوم نے خلافت قرطبہ کا اعلان کیا اور قرطبہ سیاسی اقتصادی اور علمی اعتبار سے یورپ کے اہم مراکز میں شمار ہونے لگا۔ الحکم الثانی کے دور میں علم کو ریاست کی طاقت سمجھا گیا۔ کتب خانے قائم ہوئے مخطوطات جمع کیے گئے اور اہل علم کی سرپرستی ہوئی۔ طب، فلسفہ فلکیات ریاضی اور دیگر علوم میں ترقی ہوئی۔ الزہراوی نے طب و جراحی الزرقالی نے فلکیات اور بعد میں ابن رشد نے فلسفے میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ اندلس کا اصل کمال صرف اس کے محلات اور قلعے نہیں تھے بلکہ وہ ذہن تھے جو تحقیق سوال اور دریافت کی صلاحیت رکھتے تھے۔ قرطبہ کی اصل روشنی اس کے چراغوں میں نہیں بلکہ اس کے علمی مراکز میں تھی۔ یہ علمی ماحول صرف مسلمانوں تک محدود نہیں تھا بلکہ مختلف مذاہب اور علاقوں کے اہل علم بھی ایک دوسرے سے استفادہ کرتے تھے۔ عربی علمی زبان بن چکی تھی اور قدیم یونانی و مشرقی علوم کے تراجم نے یورپ تک علم کی منتقلی میں اہم کردار ادا کیا۔ یہی وجہ تھی کہ اندلس کی علمی روشنی کا اثر اس کی سرحدوں سے کہیں آگے تک پہنچا۔ علم نے زبانوں مذاہب اور علاقوں کے درمیان ایک فکری رابطہ پیدا کیا مگر جب سیاسی انتشار بڑھا تو یہی علمی اور تہذیبی قوت بھی رفتہ رفتہ کمزور ہونے لگی۔ مگر عروج ہمیشہ قائم نہیں رہتا۔ سیاسی اختلافات اقتدار کی کشمکش اور اندرونی تقسیم نے خلافت قرطبہ کو کمزور کر دیا اور 1031ء میں اس کا خاتمہ ہو گیا۔ اندلس طوائف الملوکی کے دور میں داخل ہوا۔ ایک متحد ریاست کئی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم ہو گئی۔ مسلمان حکمران ایک دوسرے کے خلاف برسرپیکار ہونے لگے اور بعض نے اپنے مسلمان حریفوں کے خلاف عیسائی حکمرانوں سے مدد تک لی۔ ادھر شمال میں عیسائی ریاستیں متحد اور طاقتور ہوتی گئیں۔ 1086ء میں یوسف بن تاشفین نے جنگ زلاقہ میں الفانسو ششم کو شکست دے کر کچھ عرصے کے لیے عیسائی پیش قدمی روک دی لیکن ایک جنگ کی فتح اندلس کے اندرونی انتشار کا علاج نہ کر سکی۔ 1212 میں لاس نواس دی تولوسا کی جنگ میں مسلمانوں کو فیصلہ کن شکست ہوئی۔ اس کے بعد اندلس تیزی سے سکڑنے لگا۔ 1236ء میں قرطبہ اور 248 میں اشبیلیہ مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل گئے۔ آخرکار صرف غرناطہ باقی رہ گیا۔ نصری حکمرانوں نے سفارت کاری تجارت اور سیاسی توازن کے ذریعے غرناطہ کو تقریباً ڈھائی صدیوں تک قائم رکھا۔ اسی دور میں الحمرا نے اپنی شاندار شکل اختیار کی۔ اس کے باغات فوارے محرابیں خطاطی اور سرخ دیواریں آج بھی دنیا کو حیران کرتی ہیں۔ مگر الحمرا کا سب سے بڑا سبق اس کا فن نہیں بلکہ یہ حقیقت ہے کہ عمارتیں پتھروں سے بنتی ہیں سلطنتیں کردار سے 1482ء کے بعد غرناطہ کی آخری جنگیں شروع ہوئیں۔ ایک ایک کر کے علاقے ہاتھ سے نکلتے گئے۔ بالآخر 25 نومبر 1491ء کو غرناطہ کی حوالگی کا معاہدہ ہوا اور 2 جنوری 1492ء کو بوعبدیل نے شہر کی چابیاں حوالے کر دیں۔ غرناطہ کا سقوط صرف دشمن کی طاقت کا نتیجہ نہیں تھا۔ دشمن نے آخری وار ضرور کیا مگر اس سے پہلے اندر بہت کچھ ٹوٹ چکا تھا۔ اتحاد کمزور ہو چکا تھا قیادت مفادات میں بٹ چکی تھی اور وہ علم جو کبھی ریاست کی بنیاد تھا اپنی مرکزی حیثیت کھو رہا تھا۔ اندلس ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ علم کے بغیر طاقت عارضی ہے انصاف کے بغیر اقتدار کھوکھلا ہے اتحاد کے بغیر قوت منتشر ہے اور کردار کے بغیر تہذیب اپنی بنیاد کھو دیتی ہے۔ قومیں اچانک نہیں گرتیں۔ پہلے ان کے نظریات کمزور ہوتے ہیں پھر کردار علم اور اتحاد کمزور ہوتے ہیں اور آخرکار آزادی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ اس لیے اندلس پر صرف ماتم کافی نہیں۔ ہمیں اس کے زوال سے تعمیر کا سبق سیکھنا ہوگا۔ کتاب تحقیق انصاف مضبوط اداروں اچھی قیادت اور قومی اتحاد کو اپنی ترجیحات بنانا ہوگا۔ قومی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دینا ہوگی۔ آج بھی جب الحمرا کی سرخ دیواروں پر سورج ڈوبتا ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اندلس ہم سے پوچھ رہا ہو اگر تاریخ نے تمہیں ایک اور موقع دیا تو کیا تم وہی غلطیاں دوبارہ دہراؤ گے۔ اس سوال کا جواب بوعبدیل یا عبدالرحمن الداخل نہیں دے سکتے۔ یہ جواب ہمیں دینا ہے۔ کیونکہ تلواریں سرحدیں فتح کرتی ہیں۔ مگر قلم نسلوں کا مستقبل لکھتا ہے۔ محلات بادشاہوں کی شان بیان کرتے ہیں مگر کتب خانے قوموں کی عقل محفوظ رکھتے ہیں۔ تاریخ کا سب سے بڑا سبق شاید یہی ہے کہ قومیں اپنے دشمنوں سے اتنی نہیں ہارتیں جتنی اپنی غفلت سے۔ اگر ہم نے اندلس سے سبق سیکھ لیا تو شاید کسی آنے والی صبح کسی نئے قرطبہ کے مینار سے علم کا چراغ دوبارہ روشن ہو جائے۔

امریکہ، کینیڈا ٹیرف کی جنگ

محسن گورایہ

قارئین، میں ان دنوں کینیڈا میں ہوں اور گریٹر ٹورنٹو کے ایک شہر آشوا میں اپنے بھتیجے احمد رضا گورائیہ کے گھر بیٹھ کر امریکہ اور کینیڈا کے درمیان جاری تجارتی کشیدگی کا جائزہ لینا خاصا دلچسپ ہے، آپ ان دنوں جہاں جائیں یہی بحث دکھائی دیتی ہے کہ اس ٹیرف سے کینیڈا یا امریکہ میں سے کس کا زیادہ نقصان ہو گا، چوہدری منیر رنگا ہمارے بھائیوں جیسے دوست ہیں گزشتہ دنوں ان کے بڑے بھائی چوہدری سلیم کا بفلو امریکہ میں انتقال ہو گیا تھا جن کے ایصال ثواب کے لئے ہفتہ کے روز منیر صاحب کے گھر مارکھم میں دوست احباب اکٹھے ہوئے تو وہاں بھی دعا کے بعد یہی بحث جاری تھی، فاروق ارشد چوہدری، عرفان بھنگو، میجر عابد، ڈاکٹر طارق، عامر منیر، قاسم علی کے علاوہ سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے منموہن دوگل، بلوندر سنگھ، رنجیو جھنگرا اور پال سنگھ نے اپنے اپنے خیالات کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کے اقدامات پر سخت تنقید کرتے ہوئے کینیڈین وزیراعظم مارک کارنی کو ڈٹے رہنے کا مشورہ دیا، مجھے لگا کہ کینیڈا کے لوگوں کی اکثریت اپنے وزیراعظم کے ساتھ کھڑی ہے، دونوں ملک جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے سب سے قریبی پڑوسی ہیں لیکن اس وقت ان کے درمیان سب سے زیادہ زیر بحث چیز سرحد نہیں بلکہ ٹیرف ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کینیڈین مصنوعات پر بھاری محصولات عائد کیے جانے کے جواب میں وزیراعظم مارک کارنی نے بھی ”ترکی بہ ترکی“ جواب دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے تقریباً 27.6 ارب کینیڈین ڈالر مالیت کی کینیڈین مصنوعات پر عائد نئے ٹیرف کے جواب میں امریکی مصنوعات پر بھی نئے جوابی ٹیرف عائد کیے جائیں گے، جو 8 ستمبر 2026ء سے نافذ ہوں گے۔ امریکہ اور کینیڈا دنیا کے ان ممالک میں شامل ہیں جن کی معیشت ایک دوسرے سے غیر معمولی حد تک جڑی ہوئی ہے، دونوں ملکوں کے درمیان ہر روز اربوں ڈالر کی اشیا، خام مال، توانائی، صنعتی پرزہ جات اور تیار مصنوعات سرحد پار کرتی ہیں، آٹو موبائل، اسٹیل، ایلومینیم، توانائی، زراعت اور خوراک سمیت کئی شعبوں میں ایک ملک کی صنعت دوسرے ملک کی سپلائی چین کا حصہ ہے، ایسے میں ایک دوسرے پر ٹیرف لگانا بظاہر مخالف ملک کو سزا دینے کا اقدام ہے مگر اس کا کچھ نقصان اپنے ملک کے کاروبار اور صارفین کو بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ وزیراعظم مارک کارنی نے اس معاملے میں ایک نسبتاً واضح موقف اختیار کیا ہے کہ کینیڈا امریکہ کے ساتھ معاہدہ ضرور چاہتا ہے لیکن کسی قیمت پر نہیں، کارنی کے مطابق امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت ہوئی تھی، لیکن بعض امریکی مطالبات ایسے تھے، جنہیں کینیڈا اپنے قومی مفاد کے خلاف سمجھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اوٹاوا نے مذاکرات کو ایک طرف رکھتے ہوئے امریکی اقدامات کا جواب دینے کا فیصلہ کیا۔ یہاں کارنی کی حکمت عملی کو سمجھنا ضروری ہے، وہ صرف امریکہ کو جواب دینے کی کوشش نہیں کر رہے بلکہ کینیڈا کو یہ پیغام بھی دے رہے ہیں کہ ملک کی معیشت کا مستقبل صرف امریکی منڈی سے وابستہ نہیں ہونا چاہئے، کینیڈا کی جانب سے اعلان کردہ جوابی اقدامات میں مختلف امریکی مصنوعات شامل ہیں، بعض اشیا پر 15 فیصد، بعض پر 25 فیصد جبکہ کچھ مصنوعات پر 50 فیصد تک ٹیرف عائد کیا جائے گا، اس فہرست میں اسٹیل، ایلومینیم، گھریلو آلات، زرعی مصنوعات، کاغذ، الیکٹرانکس، فرنیچر اور دیگر اشیا شامل ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ اس جنگ کا اصل نقصان کس کو ہو گا؟ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر حکومت کسی غیر ملکی مصنوعات پر 50 فیصد ٹیرف لگا دے تو اس کا 50 فیصد نقصان دوسرے ملک کو ہو گا، حقیقت اس سے مختلف ہے، ٹیرف عام طور پر درآمد کنندہ ادا کرتا ہے اور درآمد کنندہ اس اضافی لاگت کو اکثر قیمت میں شامل کر دیتا ہے، یوں آخرکار بوجھ صارف تک پہنچ سکتا ہے۔ اگر امریکہ کینیڈین اسٹیل پر بھاری ٹیرف عائد کرتا ہے تو امریکی صنعتوں کے لئے اسٹیل مہنگا ہو سکتا ہے، اسی طرح اگر کینیڈا امریکی گھریلو مصنوعات یا الیکٹرانکس پر ٹیرف لگاتا ہے تو کینیڈین صارف کو ان مصنوعات کے لئے زیادہ قیمت ادا کرنا پڑ سکتی ہے، یعنی ٹیرف جنگ میں دونوں حکومتیں ایک دوسرے کو نشانہ بناتی ہیں، لیکن گولی کا کچھ اثر اپنے گھر میں بھی ہوتا ہے، عام کینیڈین شہری پر اثر دیکھا جائے تو کینیڈا میں پہلے ہی مہنگائی اور زندگی گزارنے کے اخراجات ایک بڑا مسئلہ ہیں، گھر، کرایہ، خوراک، گاڑی، انشورنس اور دیگر ضروریات عام خاندان کے بجٹ پر دباؤ ڈال رہی ہیں، ایسے میں اگر امریکی مصنوعات مہنگی ہوتی ہیں تو صارف کے پاس دو راستے ہوں گے، زیادہ قیمت ادا کرے یا کینیڈین اور دوسرے ملکوں کی مصنوعات کا متبادل تلاش کرے، یہاں موجودہ بحران کینیڈا کے لئے خطرہ بھی ہے اور موقع بھی، خطرہ اس لئے کہ مہنگائی میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے، موقع اس لئے کہ کینیڈین صنعت کو مقامی مارکیٹ میں اپنی جگہ مضبوط کرنے کا موقع مل سکتا ہے، لیکن اس کے لئے صرف ”کینیڈین اشیا خریدو“ کا نعرہ کافی نہیں ہو گا، کینیڈین مصنوعات کو معیار، قیمت اور دستیابی کے لحاظ سے بھی مقابلہ کرنا ہو گا۔ دوسری طرف کینیڈا کی تجارت طویل عرصے سے امریکی مارکیٹ پر بہت زیادہ منحصر رہی ہے، کارنی حکومت اب اسی انحصار کو کم کرنے کی بات کر رہی ہے، یورپ، ایشیا، بھارت، مشرق وسطیٰ اور بحرالکاہل کے ممالک کے ساتھ تجارت بڑھانا کینیڈا کے لئے ایک طویل المدتی حکمت عملی ہو سکتی ہے جو آسان کام نہیں، امریکہ کینیڈا کے لئے صرف ایک مارکیٹ نہیں، بلکہ سب سے قریب، سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مربوط مارکیٹ ہے، اس لئے اسے مکمل طور پر تبدیل کرنا ممکن نہیں لیکن انحصار کم کرنا ضرور ممکن ہے۔ اس تجارتی جنگ کو صرف کینیڈا کا مسئلہ سمجھنا بھی درست نہیں، کینیڈا اور امریکہ کی صنعتیں اس قدر ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔

ایکشن سین پڑ گیا بھاری، بالی ووڈ اداکار شدید زخمی، سرجری متوقع

انہیں فلم 'چندو چیمپئن' میں شاندار اداکاری پر 72 ویں نیشنل فلم ایوارڈز میں بہترین اداکار کے اعزاز سے نوازا گیا

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کے معروف اداکار کارتک آریان فلم کی شوٹنگ کے دوران مشکل ایکشن سین ریکارڈ کراتے ہوئے شدید زخمی ہو گئے، جس کے بعد ڈاکٹروں نے انہیں گھٹنے کی سرجری کا مشورہ دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق حادثہ فلم کی شوٹنگ کے آخری دنوں کے دوران پیش آیا۔ کارتک آریان ایک خطرناک ایکشن سیکوئنس کی مشق بندی کر رہے تھے، جس کے لیے انہوں نے ایکشن کوچز کی نگرانی میں خصوصی اور سخت تربیت بھی حاصل کی تھی۔ چوٹ لگنے کے فوری بعد اداکار کو اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں نورنس رامیجا اسپتال میں داخل کر لیا گیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق ان کے گھٹنے کا آپریشن کیے جانے کا امکان ہے، جس کے بعد انہیں کچھ عرصے تک مکمل آرام کرنا پڑے گا۔ کارتک آریان کی انجری کے باعث ان کی پیشہ ورانہ سرگرمیاں بھی عارضی طور پر متاثر ہونے کا امکان ہے۔ صحت یابی کے بعد وہ اپنی زیر تکمیل فلموں پر دوبارہ کام شروع کریں گے، جن میں ہدایت کار انوراگ باسو کی فلم بھی شامل ہے۔ اداکار کے کیریئر کے لیے رواں سال خاص اہمیت رکھتا ہے۔ انہیں فلم 'چندو چیمپئن' میں شاندار اداکاری پر 72 ویں نیشنل فلم ایوارڈز میں بہترین اداکار کے اعزاز سے نوازا گیا۔ فلم میں انہوں نے پیرا اولمپک گولڈ میڈلسٹ مرلی کانت پیٹکر کا کردار ادا کیا تھا، جس کے لیے انہیں سخت جسمانی تربیت اور نمایاں جسمانی تبدیلی سے گزرنا پڑا۔ کارتک آریان کی آئندہ فلموں میں فینٹسی کامیڈی ایڈونچر 'ناگ زیلا' بھی شامل ہے، جس کی ہدایت کاری مرگ دیپ سنگھ لامبا کر رہے ہیں۔

زندگی میں کوئی کامیابی نہ کمانے والے کی نصیحت نہیں سنوں گی، کنگنا رناوت

کنگنا نے تاپسی پنوں کے ساتھ اپنی پرانی نوک جھونک کو اس وقت دوبارہ تازہ کر دیا جب تاپسی نے ان کی پرورش پر تبصرہ کیا

ممبئی (این این آئی) اداکارہ اور سیاستدان کنگنا رناوت نے کہا ہے کہ وہ بالی ووڈ کے ایسے لوگوں کی تنقید برداشت نہیں کریں گی جن انہوں نے اپنے متعلقہ کیریئر میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کی۔ اداکارہ نے پاپارازی سے بات کرتے ہوئے ان متعدد شخصیات کو جواب دیا جنہوں نے گزشتہ چند ماہ کے دوران ان پر تبصرے کیے تھے۔ کنگنا نے کہا کہ میں ہر روز ایسے لوگوں کو دیکھتی ہوں، چاہے وہ سو دو سو ہوں، جو کہتے ہیں کہ مجھے تمیز سیکھنی چاہیے۔ راکھی ساونت جیسے لوگ، جو میرے کردار کے بارے میں ہر طرح کے فحش تبصرے کرتے ہیں اور تاپسی پنوں جو میرے والدین، میری پرورش اور میرے پس منظر کی توہین کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے مزید کہا کہ ان لوگوں کے لیے میرا صرف ایک ہی پیغام ہے۔ اگر میرے جیسی ایک فیصد بھی زندگی میں کامیابی نہیں کما پائے ہو تو میں آپ کی کوئی بھی نصیحت نہیں سنوں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام ناکام اور غیر ضروری لوگ ہر وقت مجھے گالیاں دیتے رہتے ہیں۔ وہ صرف میڈیا کی توجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، لیکن پہلے میرے جیسا بن کر دکھائیں۔ کیا آپ بن سکتے ہیں؟ میں یہاں آپ کی بات سننے کے لیے نہیں بیٹھی ہوں۔ گزشتہ چند دنوں میں، کنگنا نے تاپسی پنوں کے ساتھ اپنی پرانی نوک جھونک کو اس وقت دوبارہ تازہ کر دیا جب تاپسی نے ان کی پرورش پر تبصرہ کیا۔ اب حذف شدہ انسٹاگرام اسٹوریز میں، کنگنا نے تاپسی کو سستی کاپی کہا اور ان پر ان کی پرورش اور والدین کا مذاق اڑانے کا الزام لگایا۔ کنگنا نے کہا کہ میں ہر روز ایسے لوگوں کو دیکھتی ہوں، چاہے وہ سو دو سو ہوں، جو کہتے ہیں کہ مجھے تمیز سیکھنی چاہیے۔ راکھی ساونت جیسے لوگ، جو میرے کردار کے بارے میں ہر طرح کے فحش تبصرے کرتے ہیں اور تاپسی پنوں جو میرے والدین، میری پرورش اور میرے پس منظر کی توہین کرتی رہتی ہیں۔

شاہ رخ خان نے ایشوریا کو اپنی پانچ فلموں سے نکالا تھا اور تمام فلمیں کامیاب ہوئیں

کچھ فلمیں ایسی تھیں جو میرے ساتھ بننے والی تھیں، لیکن اچانک وہ فلمیں نہیں بنیں اور اس کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی گئی، ایشوریا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان اور ایشوریا رائے کی جوڑی نے محبتیں، دیوداس اور جوش جیسی فلموں میں مداحوں کو بہت متاثر کیا۔ تاہم، دونوں کی زبردست مقبولیت کے باوجود شاہ رخ خان نے ایشوریا کو اپنی پانچ فلموں سے نکالا اور یہ تمام فلمیں بعد میں بڑی کامیاب ثابت ہوئیں۔ بعض رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ شاہ رخ نے یہ فیصلہ اس وقت کیا جب ایشوریا کے ساتھ ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران سلمان خان نے مبینہ طور پر مسائل پیدا کیے۔ ایشوریا رائے 2003 کی فلم چلتے چلتے کے لیے پہلی پسند تھیں۔ فلم کی شوٹنگ شروع بھی ہو چکی تھی۔ یہ فلم شاہ رخ خان اور جوہی چاولہ کی پروڈکشن کمپنی ڈریمز ان لمیٹڈ کے تحت بن رہی تھی۔ تاہم فلم کے درمیان میں رانی مکھرجی نے ایشوریا کی جگہ لے لی۔ مبینہ طور پر ایشوریا کو اس لیے تبدیل کیا گیا کیونکہ سلمان خان نے سیٹ پر مسائل پیدا کیے، جس کی وجہ سے فلم کی شوٹنگ میں تاخیر اور کشیدگی پیدا ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق، دونوں اداکاروں نے شاہ رخ خان سے معذرت بھی کی، لیکن پروڈیوسرز نے ان کی معذرت پر اعتماد نہیں کیا۔ بعد میں سمی گریوال کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ایشوریا نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ انہیں شاہ رخ خان کے ساتھ کم از کم پانچ فلموں سے نکالا گیا تھا۔ چلتے چلتے کے علاوہ ان فلموں میں ویر زارا اور کل ہو نہ ہو بھی شامل تھی۔ ایشوریا کے مطابق کچھ فلمیں ایسی تھیں جو میرے ساتھ بننے والی تھیں، لیکن اچانک وہ فلمیں نہیں بنیں اور اس کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی گئی۔ یہ میرا فیصلہ نہیں تھا۔ ظاہر ہے آپ حیران، پریشان اور یقیناً دکھی ہوتے ہیں۔ آپ سوچتے ہیں کہ آخر ایسا کیوں ہوا؟ فلم چلتے چلتے سے ایشوریا کو ہٹانے کے بارے میں بعد میں شاہ رخ خان نے بتایا تھا کہ کسی کے ساتھ ایک پروجیکٹ شروع کرنا اور پھر بغیر کسی غلطی کے اسے تبدیل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ یہ بہت افسوسناک ہے، کیونکہ ایش ایک اچھی دوست ہیں۔

طلاق یافتہ اور بیوہ خواتین کی دوسری شادی پر حمزہ علی عباسی کا اہم پیغام

طلاق یافتہ اور بیوہ خواتین اگر دوبارہ شادی کرنا چاہیں تو معاشرے کو انہیں منفی نظر سے نہیں دیکھنا چاہیے، ویڈیو بیان

کراچی (آن لائن) پاکستانی اداکار حمزہ علی عباسی نے کہا ہے کہ طلاق یافتہ اور بیوہ خواتین اگر دوبارہ شادی کرنا چاہیں تو معاشرے کو انہیں منفی نظر سے نہیں دیکھنا چاہیے۔ حمزہ علی عباسی نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہمارے معاشرے میں ایک مخصوص طبقہ بیوہ اور طلاق یافتہ خواتین، خاص طور پر بچوں کی ماؤں کی دوسری شادی کو معیوب سمجھتا ہے اور انہیں تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔ اداکار کا کہنا تھا کہ کسی بھی شخص کو دوسری شادی کرنی ہے یا نہیں، یہ مکمل طور پر اس کا ذاتی فیصلہ ہونا چاہیے اور کسی کو اس معاملے میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو خواتین دوبارہ شادی کرنا چاہتی ہیں، انہیں منفی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے ان کے فیصلے کا احترام کرنا چاہیے کیونکہ دوبارہ شادی کرنا ان کا حق ہے اور اسلام بھی انہیں یہ حق دیتا ہے۔ حمزہ علی عباسی نے مزید کہا کہ کسی شخص کے ذاتی زندگی کے فیصلوں میں بلاوجہ دخل اندازی کرنا اخلاقی طور پر درست نہیں، ہر فرد کو اپنی زندگی سے متعلق فیصلے کرنے کی آزادی ہونی چاہیے۔ حمزہ علی عباسی نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہمارے معاشرے میں ایک مخصوص طبقہ بیوہ اور طلاق یافتہ خواتین، خاص طور پر بچوں کی ماؤں کی دوسری شادی کو معیوب سمجھتا ہے اور انہیں تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔

رمشا خان نے بہن کی شادی میں چہرہ چھپانے کی وجہ بتا دی

خود کیمرے کے سامنے نہیں آنا چاہتی، فی الحال اپنی نجی زندگی کو عوامی توجہ سے دور رکھنا چاہتی ہوں، اداکارہ

کراچی (آن لائن) اداکارہ رمشا خان نے بہن علیشا خان کی شادی میں اپنی عدم موجودگی اور تقریبات کے دوران چہرہ چھپانے سے متعلق سوشل میڈیا پر جاری قیاس آرائیوں پر خاموشی توڑ دی ہے۔ رمشا خان اور خوشحال خان کی شادی کے بعد اداکارہ نے شوبز سرگرمیوں اور سوشل میڈیا سے کچھ دوری اختیار کر لی ہے، حال ہی میں ان کی بہن علیشا خان کی شادی کی تقریبات ہوئیں، تاہم رمشا خان زیادہ تر تقریبات میں دکھائی نہیں دیں۔ شادی کی تقریبات کے دوران رمشا خان کو صرف ایک موقع پر دیکھا گیا، جہاں انہوں نے ماسک اور چشمہ پہن رکھا تھا، ان کی اس انداز میں شرکت نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کی اور مختلف قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ کچھ صارفین کی جانب سے یہ سوال اٹھایا گیا کہ آیا اداکارہ پر ان کے سسرال یا شوہر کی طرف سے کسی قسم کی پابندی عائد کی گئی ہے یا وہ خود میڈیا اور عوامی توجہ سے دور رہنا چاہتی ہیں۔ رمشا خان نے ان قیاس آرائیوں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ ان کے شوہر یا نئے خاندان کی جانب سے ان پر کسی قسم کی پابندی نہیں ہے، ان کا کہنا ہے کہ وہ خود کیمرے کے سامنے نہیں آنا چاہتیں اور فی الحال اپنی نجی زندگی کو عوامی توجہ سے دور رکھنا چاہتی ہیں۔ رمشا خان نے اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ کیمرے کے سامنے آنے کے بجائے اپنی ذاتی زندگی پر توجہ دینا چاہتی ہیں، ان کی خواہش ہے کہ سوشل میڈیا پر بھی ان کی نجی زندگی کو موضوع نہ بنایا جائے۔ اداکارہ کے مطابق وہ اب اپنی زندگی کو ایک عام اور نجی شہری کی حیثیت سے گزارنا چاہتی ہیں اور شوبز کی مسلسل توجہ سے دور رہنے میں ہی خود کو زیادہ مطمئن محسوس کرتی ہیں۔

مسئلہ کسی ایک مشکل ورزش کا نہیں بلکہ مسلسل ورزش کرتے رہنا اصل چیلنج ہے، شلپا شیٹی

شلپا شیٹی اپنی فٹنس، یوگا اور متوازن طرز زندگی کے باعث طویل عرصے سے مداحوں کی توجہ کا مرکز ہیں

ممبئی (این این آئی) ڈھلتی عمر کے باوجود نکھرتے حسن و جوانی کی مالک بالی ووڈ کی معروف اداکارہ شلپا شیٹی نے اپنے مداحوں کو کچھ راز کی باتیں بتائی ہیں۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں شلپا شیٹی نے بتایا کہ وقت کے ساتھ ساتھ ان کی خوراک اور صحت کے بارے میں سوچ بھی تبدیل ہوئی ہے۔ شلپا شیٹی نے بتایا کہ ماضی میں وہ کیلوریز اور اس بات پر زیادہ توجہ دیتی تھیں کہ کیا کھانا چاہیے اور کیا نہیں لیکن اب ان کی سوچ تبدیل ہو چکی ہے۔ ان کے بقول اب ان کی خوراک کا مقصد خود کو محدود کرنا نہیں بلکہ اپنے جسم کی ضروریات کو سمجھنا اور اسے مناسب غذائیت فراہم کرنا ہے۔ انھوں نے متوازن غذا سے متعلق انکشاف کیا کہ فٹنس کے سفر کے ابتدائی دور ہی میں پروٹین کی اہمیت کو سمجھ لیا تھا کیونکہ صرف ورزش کرنا کافی نہیں ہے۔ اداکارہ نے پروٹین کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پروٹین ان کی خوراک کا اہم حصہ ضرور ہے تاہم متوازن غذا کے لیے کیلشیم، وٹامن ڈی، اچھی چکنائیاں، کاربوہائیڈریٹس، مائیکرو نیوٹرینٹس اور مناسب پانی بھی ضروری ہیں۔ شلپا شیٹی کا مزید کہنا تھا کہ متوازن غذا کے ساتھ طاقت بڑھانے والی ورزش، کارڈیو ایکسرسائز، جسم کی لچک، حرکت اور مناسب ریکوری بھی مجموعی فٹنس کا حصہ ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ گھر میں کسی ایک مخصوص ڈائٹ کو سب پر مسلط کرنے کے بجائے خاندان کو متوازن اور صحت مند کھانے کی عادت ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں۔ تاہم وہ بچوں کو پیزا یا میٹھا کھانے پر احساس جرم میں مبتلا نہیں کرنا چاہتیں۔ بچوں کا کھانے کے ساتھ ایسا صحت مند تعلق ہونا چاہیے۔ جس میں وہ بعض غذاؤں سے خوفزدہ نہ ہوں۔ شلپا شیٹی نے اپنی فٹنس کا سب سے مشکل پہلو بتاتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کسی ایک مشکل ورزش کا نہیں بلکہ مسلسل ورزش کرتے رہنا اصل چیلنج ہے۔ ان کے بقول ان دنوں ورزش کے لیے خود کو تیار کرنا زیادہ مشکل ہوتا ہے جب انسان کا دل نہ چاہ رہا ہو لیکن باقاعدگی ہی فٹنس کے سفر میں سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ وہ یوگا، اسٹرینتھ ٹریننگ اور مختلف مشکل حرکات آزمانا پسند کرتی ہیں تاہم اب وہ اپنے جسم کی حدود کا پہلے سے زیادہ خیال رکھتی ہیں۔ جب شلپا شیٹی سے پوچھا گیا کہ اگر انھیں 24 گھنٹے مکمل طور پر اپنی مرضی سے گزارنے کا موقع ملے تو وہ کیا کریں گی۔

ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری، بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے

سری لنکا کے کمیندو مینڈس 2 درجے ترقی کے بعد 10 ویں نمبر پر آ گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری کر دی جس کے بعد پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے۔ ٹیسٹ بیٹرز میں انگلینڈ کے ہیری بروک کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے اور انگلینڈ کے جو روٹ تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ پاکستان کے بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو کر 5 درجے تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر چلے گئے اور سری لنکا کے کمیندو مینڈس 2 درجے ترقی کے بعد 10 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے سعود شکیل 15 درجے کی لمبی چھلانگ کے بعد 18 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا کے سوئل دینوشا 25 ویں نمبر پر آ گئے۔ محمد رضوان کی 7 درجے تنزلی 33 ویں، شان مسعود 3 درجے تنزلی 41 ویں اور سلمان آغا 3 درجے تنزلی کے بعد 43 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ بولرز کی رینکنگ میں آسٹریلیا کے مچل اسٹارک پہلے نمبر پر موجود ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے میٹ ہنری ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے۔ انگلینڈ کے اولی رابنسن 6 درجے ترقی کے بعد 5 ویں نمبر پر براجمان ہیں اور سری لنکا کے اسیتھا فرنینڈو 4 درجے ترقی کے بعد 11 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے محمد عباس 15 ویں، انگلینڈ کے جوش ٹنگ 4 درجے ترقی کے ساتھ 13 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ انگلینڈ کے گس اٹکنسن 10 درجے تنزلی کے بعد 24 ویں نمبر پر چلے گئے۔

مانچسٹر سٹی نے چیلسی کے ارجنٹائنی مڈفیلڈر اینزو فرنانڈیز کو 12 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ میں اپنی ٹیم میں لے لیا

رقم پریمیئر لیگ کی تاریخ میں کسی ایک ٹرانسفر ونڈو کے دوران کلب کے مجموعی اخراجات کو بھی ریکارڈ 458 ملین پاؤنڈ تک لے گئی

مانچسٹر (این این آئی) مانچسٹر سٹی نے چیلسی کے ارجنٹائنی مڈفیلڈر اینزو فرنانڈیز کو 12 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ کی برطانوی ریکارڈ فیس کے عوض اپنی ٹیم میں شامل کر لیا۔ بی بی سی کے مطابق یہ رقم پریمیئر لیگ کی تاریخ میں کسی ایک ٹرانسفر ونڈو کے دوران کلب کے مجموعی اخراجات کو بھی ریکارڈ 458 ملین پاؤنڈ تک لے گئی ہے۔ 25 سالہ اینزو فرنانڈیز نے 2023 میں بینفیکا سے چیلسی میں 107 ملین پاؤنڈ کی اس وقت کی برطانوی ریکارڈ فیس پر شمولیت اختیار کی تھی۔ ان کی مانچسٹر سٹی منتقلی کی فیس لیورپول کی جانب سے گزشتہ موسم گرما میں الیگزینڈر اساک کے لیے ادا کی گئی 125 ملین پاؤنڈ کے برابر ہے۔ اینزو فرنانڈیز رواں موسم گرما میں پریمیئر لیگ میں کم از کم 100 ملین پاؤنڈ کی فیس پر منتقل ہونے والے چوتھے کھلاڑی ہیں۔ اس سے قبل مورگن راجرز 117 ملین پاؤنڈ میں چیلسی، بریڈلی بارکولا 123 ملین پاؤنڈ میں لیورپول اور ایلیٹ اینڈرسن 116 ملین پاؤنڈ میں مانچسٹر سٹی منتقل ہوئے۔ اینزو فرنانڈیز نے چیلسی کے ساتھ 2023 میں معاہدہ کیا تھا اور کلب کے لیے کھیلتے ہوئے کئی اہم کامیابیاں حاصل کیں، تاہم حالیہ عرصے میں ان کے مستقبل کے حوالے سے قیاس آرائیاں جاری تھیں۔ انہیں ریال میڈرڈ سے بھی جوڑا گیا جبکہ چیلسی کے شائقین کی جانب سے دوستانہ اور لیگ کے میچ میں انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ مانچسٹر سٹی کے منیجر اینزو ماریسکا کا کہنا ہے کہ وہ اینزو فرنانڈیز کے ساتھ دوبارہ کام کرنے کے خواہاں تھے۔ ماریسکا کے چیلسی میں دور کے دوران دونوں ایک ساتھ کام کر چکے ہیں۔ اینزو فرنانڈیز نے سٹی میں شمولیت پر کہا کہ وہ کلب کو مزید ٹرافیاں جتوانے کے چیلنج کے لیے تیار ہیں اور نئی ٹیم کے ساتھیوں سے سیکھ کر اپنے کھیل کو مزید بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ مانچسٹر سٹی نے رواں موسم گرما میں کئی اہم مڈفیلڈرز کو فروخت کیا ہے، جن میں تیجانی رائنڈرز، روڈری، نیکو گونزالیز اور برنارڈو سلوا شامل ہیں۔ کلب نے کھلاڑیوں کی فروخت سے تقریباً 300 ملین پاؤنڈ بھی حاصل کیے ہیں، جبکہ نئے کھلاڑیوں کی خریداری پر 458 ملین پاؤنڈ خرچ کر چکا ہے۔

چیئرمین پی سی بی سینئر کھلاڑیوں سے مایوس، تھنک ٹینک کو جونیئر کھلاڑیوں پر فوکس کی ہدایت

چیئرمین کی مستقبل میں انڈر 19 اور جونیئر کرکٹرز کو زیادہ سے زیادہ مواقع کیساتھ مکمل اعتماد دینے کی پالیسی اپنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی قومی کرکٹ ٹیم کے سینئر اور تجربے کار کرکٹرز کی پرفارمنس سے انتہائی مایوس دکھائی دیے۔ 2024 آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں شکست کے بعد سرجری کی بات کر کے انہوں نے ایک بار پھر انہی کھلاڑیوں کو موقع دیا لیکن ٹیم آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں پانچ دن میں نیوزی لینڈ اور بھارت سے شکست کے بعد پہلے ہی راؤنڈ سے باہر ہو گئی۔ 2025 ایشیا کپ میں ٹیم دبئی میں بھارت سے تین مسلسل میچ ہار گئی، 2026 آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھی ٹیم پہلے راؤنڈ سے آگے نہ بڑھ سکی، اب دورہ انگلینڈ میں پہلے لیڈز ٹیسٹ میں انگلینڈ سے 103 رنز سے شکست اور لارڈز میں 194 رنز سے ہارنے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ انتہائی فیصلوں کیساتھ اس وقت سب کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ وکٹ کیپر محمد رضوان اور اوپنر امام الحق کو ہنگامی بنیادوں پر پاکستان واپس بلایا گیا، ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد بولنگ کوچ مرگل کی چھٹی کیساتھ پانچ اور کھلاڑیوں کو ٹیم سے باہر کر دیا گیا البتہ چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی آئندہ چند روز میں مزید سخت فیصلے کرنے سے متعلق مشاورت کر رہے ہیں۔ فروری 2024 میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے سربراہ کا عہدہ سنبھالنے والے سید محسن رضا نقوی قومی ٹیم کے سینئر اور تجربے کار کھلاڑیوں کی کارکردگی سے انتہائی مایوس ہیں اور مستقبل میں نوجوان اور جونیئر کھلاڑیوں کو آگے لانے کے خواہش مند ہیں، جو مستقبل میں ٹیم کی باگ ڈور سنبھال سکیں۔ اس سلسلے میں چیئرمین نے مستقبل میں انڈر 19 اور جونیئر کرکٹرز کو زیادہ سے زیادہ مواقع کیساتھ مکمل اعتماد دینے کی پالیسی اپنانے کی ہدایت کی ہیں، ساتھ ہی سلیکشن کے معاملات میں شفافیت کیساتھ آزمائے ہوئے اور تجربے کار کھلاڑیوں کو ناکامی کے بعد دوبارہ موقع نہ دینے کے حوالے سے سلیکشن کمیٹی کو واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔

ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری، بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے

بابر اعظم ٹاپ 10 سے 5 درجے تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر، سعود شکیل 15 درجے کی لمبی چھلانگ کے بعد 18 ویں نمبر پر موجود

دبئی (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری کر دی، پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے۔ ٹیسٹ بیٹرز میں انگلینڈ کے ہیری بروک کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے اور انگلینڈ کے جو روٹ تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ پاکستان کے بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو کر 5 درجے تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر چلے گئے اور سری لنکا کے کمیندو مینڈس 2 درجے ترقی کے بعد 10 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے سعود شکیل 15 درجے کی لمبی چھلانگ کے بعد 18 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا کے سوئل دینوشا 25 ویں نمبر پر آ گئے۔ محمد رضوان کی 7 درجے تنزلی 33 ویں، شان مسعود 3 درجے تنزلی 41 ویں اور سلمان آغا 3 درجے تنزلی کے بعد 43 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ بولرز کی رینکنگ میں آسٹریلیا کے مچل اسٹارک پہلے نمبر پر موجود ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے میٹ ہنری ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے۔ انگلینڈ کے اولی رابنسن 6 درجے ترقی کے بعد 5 ویں نمبر پر براجمان ہیں اور سری لنکا کے اسیتھا فرنینڈو 4 درجے ترقی کے بعد 11 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے محمد عباس 15 ویں، انگلینڈ کے جوش ٹنگ 4 درجے ترقی کے ساتھ 13 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ انگلینڈ کے گس اٹکنسن 10 درجے تنزلی کے بعد 24 ویں نمبر پر چلے گئے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیہ، محسن نقوی کی بھی شرکت

اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ بھی موجود، دباؤ کو نظرانداز کرتے ہوئے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، محسن نقوی

لندن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں، ٹیم انتظامیہ، اعلیٰ حکام اور برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ عشائیے کی میزبانی پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے کی جبکہ وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، اسلام آباد میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے بھی شرکت کی۔ پاکستان ہاؤس لندن میں ہونے والی تقریب میں کھلاڑیوں کے ساتھ ملاقات اور تصاویر کا سلسلہ بھی جاری رہا، پاکستانی کمیونٹی نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کا پرتپاک استقبال کیا اور آنے والے میچز میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ پوری قوم کی نظریں ٹیم پر ہیں، انہوں نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ دباؤ کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ تقریب میں میئر لندن صادق خان نے بھی شرکت کی اور پاکستانی کھلاڑیوں سے ملاقات کی، انہوں نے کپتان بابر اعظم اور قومی ٹیم کے فاسٹ باؤلرز کی تعریف کرتے ہوئے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیہ قومی ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقد کیا گیا تھا، تقریب میں پاکستانی کھلاڑیوں نے میزبانوں اور پاکستانی کمیونٹی سے ملاقات کی اور یادگاری تصاویر بھی بنوائیں۔

سیریز کے بعد فیصلے کرتے، پی سی بی نے غلط اور برا فیصلہ لیا، شاہد آفریدی

ہمارے فیصلوں میں نہ تو تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی میرٹ پر فیصلے کیے جاتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ پی سی بی نے غلط اور برا فیصلہ لیا ہے، جو فیصلے لینے تھے وہ سیریز ختم ہونے کے بعد لے لیتے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا ہم پر ہنس رہی ہے، ہم نے خود اپنا مذاق بنایا، اگر یہ چیئرمین پی سی بی کا بھی فیصلہ تھا تو بھی سلیکشن کمیٹی کو اس کی مخالفت کرنی چاہیے تھی۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ سونے پر سہاگہ یہ کہ تیسرے ٹیسٹ کے لیے جو لڑکے بھیجے ہیں وہ ٹی 20 کے لڑکے ہیں، ہمارے فیصلوں میں نہ تو تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی میرٹ پر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ شاہد آفریدی نے محسن نقوی کو مشورہ دیا کہ وہ کرکٹ پر سب سے زیادہ توجہ دیں اور دوسروں پر ذمہ داریاں نہ چھوڑیں۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز احمد جب پی سی بی میں آیا تو میں بہت خوش تھا کہ وہ انڈر 19 لیول پر کام کرے گا، 3 مہینے میں ہی سرفراز احمد پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ بن گئے، یہ کونسا پراسس ہے کہ جس کے تحت سرفراز احمد کو 3 مہینے میں ہی ہیڈ کوچ لگا دیا گیا۔) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے لیے نئے فیلڈنگ کوچ کی تلاش شروع کرتے ہوئے اس عہدے کیلئے درخواستیں طلب کر لی ہیں، پی سی بی کی جانب سے بھرتی کا اشتہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بھی جاری کیا گیا جس کے بعد یہ معاملہ کرکٹ شائقین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ نئے فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داری قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی فیلڈنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانا اور مختلف فارمیٹس میں ان کی کارکردگی کو مزید مضبوط کرنا ہوگی۔ پی سی بی کی جانب سے یہ اقدام قومی ٹیم کے کوچنگ سیٹ اپ کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ سونے پر سہاگہ یہ کہ تیسرے ٹیسٹ کے لیے جو لڑکے بھیجے ہیں وہ ٹی 20 کے لڑکے ہیں، ہمارے فیصلوں میں نہ تو تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی میرٹ پر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ شاہد آفریدی نے محسن نقوی کو مشورہ دیا کہ وہ کرکٹ پر سب سے زیادہ توجہ دیں اور دوسروں پر ذمہ داریاں نہ چھوڑیں۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز احمد جب پی سی بی میں آیا تو میں بہت خوش تھا کہ وہ انڈر 19 لیول پر کام کرے گا۔

بقیہ صباء 1

اداروں (ایس ایم ایز) کے لیے رسائی، مالیات اور برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کے فروغ سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اے ڈی بی کے نائب صدر نے پاکستان کی معاشی استحکام، خود مختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور اصلاحاتی عمل میں پیش رفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اور اصلاحاتی ایجنڈے کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی اب ترجیح معاشی استحکام سے پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی جانب منتقلی ہے۔ اس مقصد کے لیے ملکی وسائل کو متحرک کرنے اور پبلک فنانس، توانائی، انشورنس اور پنشن سمیت اہم شعبوں میں اصلاحات کو ادارہ جاتی شکل دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری، برآمدات، روزگار اور نجی شعبے کی شمولیت پائیدار اقتصادی ترقی کے بنیادی ستون ہیں۔ وزیر خزانہ نے حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کے لیے اے ڈی بی کی مسلسل معاونت کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اے ڈی بی کی خود مختار فنانسنگ سے آگے بڑھ کر نجی شعبے اور سرکاری و نجی شراکت داری میں بینک کی بڑھتی ہوئی شمولیت کا خیر مقدم کرتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے رسائی مالیات پاکستان کی معاشی اور برآمدی حکمت عملی کا اہم جزو ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی توجہ ایس ایم ایز کے لیے مالیاتی سہولیات تک رسائی بڑھانے اور روزگار، سرمایہ کاری اور برآمدات میں ان کے کردار کو مزید مضبوط بنانے پر ہے۔ وزیر خزانہ نے زور دیا کہ پاکستانی ایس ایم ایز کو عالمی منڈیوں سے منسلک کرنے اور ان کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے کے لیے موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ ملاقات میں انشورنس کے شعبے میں اصلاحات کے پروگرام، سرکاری و نجی شراکت داری اور ترقیاتی منصوبوں کی تیاری و عملدرآمد کی استعداد بہتر بنانے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے انفراسٹرکچر، ٹرانسپورٹ، صاف توانائی، آبی وسائل اور موسمیاتی لچک کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ملکی اور نجی سرمائے کو متحرک کرنے کے لیے جدید مالیاتی طریقہ کار، مشترکہ مالی معاونت اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی زیادہ شمولیت ضروری ہے۔ اے ڈی بی کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے پاکستان کی معاشی استحکام اور مالیاتی نظم و نسق میں بہتری کو سراہتے ہوئے کہا کہ پائیدار ترقی کی جانب منتقلی کے دوران مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے ڈی بی پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اور اصلاحاتی ایجنڈے کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ اے ڈی بی کی جانب سے نجی شعبے کی ترقی، ایس ایم ایز کی ترقی، مالی معاونت اور دیگر ترجیحی شعبوں میں مزید تعاون کی آمادگی کا بھی اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں پنشن اصلاحات، ادارہ جاتی استعداد، پالیسی پر مبنی جاری و مجوزہ آپریشنز اور اے ڈی بی کی ملکی شراکت داری حکمت عملی کے تحت مسلسل تعاون کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی ترجیحات میں نجی شعبے کی قیادت میں ترقی، برآمدی مسابقت، رسائی مالیات، انفراسٹرکچر، موسمیاتی لچک اور سماجی تحفظ شامل ہیں۔ انہوں نے اے ڈی بی کی جانب سے پاکستان کے اصلاحاتی عمل اور ترقیاتی ترجیحات میں مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ باہمی تعاون کے ذریعے ملک میں پائیدار، جامع اور نجی شعبے پر مبنی اقتصادی ترقی کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ صباء 2

میں وزیر اعظم شہباز شریف سمیت دیگر اراکین اور وزرا کی حاضری کے اعداد و شمار جاری کر دیا ہے۔ فافن نے رپورٹ میں بتایا کہ 332 ارکان میں سے 65 ارکان یا 20 فیصد تمام نشستوں میں شریک ہوئے، 37 ارکان یا 11 فیصد کسی ایک نشست میں بھی شریک نہیں ہوئے جبکہ چوتھی نشست میں حاضری سب سے زیادہ رہی، جہاں 247 یا 74 فیصد ارکان شریک ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پانچویں نشست میں حاضری سب سے کم 179 ارکان یعنی 54 فیصد شریک ہوئے، 267 ارکان (80 فیصد) نے کم از کم ایک نشست میں شرکت نہیں کی۔ اسی طرح قومی اسمبلی سے تعلق رکھنے والے وزرا میں سے ایک وفاقی وزیر تمام نشستوں میں شریک ہوئے، 3 وزرا جن میں 2 وفاقی وزیر اور ایک وزیر مملکت شامل ہیں کسی نشست میں شریک نہیں ہوئے۔ وزیر اعظم نے صرف ایک نشست جبکہ قائد حزب اختلاف نے 8 میں سے 7 نشستوں میں شرکت کی۔ فافن رپورٹ میں بتایا گیا کہ سوالات کے وقت جواب دینے والے 26 وفاقی وزرا میں سے 12 اپنی تاریخ پر موجود تھے، توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دینے والے 8 وزرا میں سے 4 موجود تھے۔

بقیہ صباء 3

ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت اور حکومتوں کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی ملکیت اور اجتماعی مزاحمت کی بنیاد پر قائم مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مشترکہ دفاعی معاہدے کی سیاسی اور دفاعی سٹرٹیجک کمیٹی کی طرف سے پیر کو جاری ایک مشترکہ بیان میں اس بات کی تصدیق کی گئی تھی کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ دفاعی صنعت کے شعبے میں مضبوط تعاون، پیداوار اور مشترکہ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ذریعے مشترکہ سرگرمیوں سے اپنی دفاعی صلاحیتوں اور اپنی مسلح افواج کے توازن کو مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ صباء 4

ٹیسٹ کے بعد ہی ہو سکے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ جس شخص کو چاہے طلب کرے، اس کا انٹرویو کرے اور تحقیقات کے لیے متعلقہ اداروں سے تعاون حاصل کرے۔ کمیٹی کے پاس ڈیجیٹل معلومات، تمام ریکارڈ، ویڈیوز اور عینی شاہدین کی معلومات بھی موجود ہیں جبکہ تکنیکی معاونت کے لیے دیگر اداروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں عام طور پر انکوائری کمیٹیوں کی رپورٹس پر سوالات اٹھتے ہیں اور کئی مرتبہ ان رپورٹس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا، تاہم پمز سانحے کی ابتدائی رپورٹ میں تمام ملبہ چھوٹے عملے پر نہیں ڈالا گیا بلکہ وہ افراد بھی کارروائی کی زد میں آئے ہیں جو 20، 20 سال سے وہاں کام کر رہے ہیں اور بڑے عہدوں پر فائز ہیں۔ وزیر صحت نے اپنے استعفے سے متعلق سوال پر کہا کہ اس معاملے میں ان کی وزیر اعظم کے ساتھ کچھ گفتگو ہوئی ہیں اور وزیر اعظم نے انہیں اس حوالے سے گفتگو نہ کرنے کا کہا ہے۔ یہ ان کے اور وزیر اعظم کے درمیان کا معاملہ ہے، اس لیے وہ نہ تو ہاں میں جواب دے رہے ہیں اور نہ ہی یہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے ایسا نہیں کیا، اگر اپوزیشن کمیٹی ان سے استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا۔ پمز ہسپتال کو مستقبل میں کسی اور سانحے سے محفوظ بنانے سے متعلق سوال پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ پمز ہسپتال اب مکمل طور پر محفوظ ہو گیا ہے اور مستقبل میں کوئی حادثہ نہیں ہوگا۔ حکومت پہلے سے بھی اس معاملے پر کام کر رہی تھی، تاہم سانحہ پیش آنے کے بعد کام مزید جاری ہے۔ یہ ایک دن کا کام نہیں ہے اور کسی بھی وقت یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ اب کوئی سانحہ پیش نہیں ہوگا۔ مصطفیٰ کمال نے سرکاری ہسپتالوں کے موجودہ انتظامی نظام پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں سرکار کے پے رول پر کام کرنے والے افراد نہیں ہونے چاہئیں بلکہ کنٹریکٹ ملازمین ہونے چاہئیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ ایسے ملازمین کو مناسب معاوضہ دیا جائے، جزا و سزا کا موثر نظام قائم کیا جائے، سی ای او مقرر کیا جائے اور بورڈ بنایا جائے، جبکہ جو شخص کام نہ کرے اسے فوری طور پر فارغ کرنے کا اختیار ہونا چاہیے۔ موجودہ نظام میں کسی ملازم کو فارغ کرنے کے لیے شوکاز نوٹس، معطلی اور پھر برطرفی سمیت ایک طویل طریقہ کار اختیار کرنا پڑتا ہے، جس کے باعث انتظامی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی پہلے دن سے یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر ذمہ داری کا تعین ہونا ہے تو ان سے شروع کیا جائے، جب پمز سانحہ پیش آیا تو کراچی میں تھا اور پہلی فلائٹ سے اسلام آباد پہنچا۔ اب سب سے پہلے عوامی سطح پر یہ بات کی کہ ذمہ دار ہوں اور ان سے احتساب شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آئین اور قانون میں طے کر دیا جائے کہ آئندہ کسی بھی حادثے کی صورت میں متعلقہ وزیر استعفیٰ دے گا تو وہ سب سے پہلے اپنا استعفیٰ دینے کے لیے تیار ہیں۔ عمران خان کو پمز لانے کی کوشش اور اس دوران ہسپتال کی سیکیورٹی سے متعلق سوال پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جس حوالے سے شفاء ہسپتال اور پمز کی سیکیورٹی کی بات اور ہی تھی شاید وہاں کراؤڈ جمع تھا تاہم انہیں اس بارے میں مکمل علم نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے پمز سانحے سے توجہ ہٹانے کے لیے ان کی شادی کا ذکر کیے جانے سے متعلق سوال پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ ان کی اپنی رائے ہے اور انہیں معلوم نہیں کہ بلاول بھٹو نے کیا کہا ہے۔ وہ بلاول بھٹو کے بیانات کو فالو نہیں کرتے اور انہیں اس بات کا علم نہیں کہ شادی کے حوالے سے کیا گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک کا نظام موجودہ طریقے سے نہیں چل پا رہا اور وفاق اپنا کام پورا کر دیتا ہے لیکن نچلی سطح پر ڈیلیوری نہیں ہو رہی تو انتظامی یونٹس میں تبدیلی کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھنا چاہیے۔ یہ دلیل درست نہیں کہ چونکہ صوبوں نے پاکستان بنایا تھا اس لیے پاکستان میں انتظامی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

بقیہ صباء 5

بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل اور صوبے میں جمہوری و پارلیمانی روایات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کوئٹہ آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث مسرت اور باعث عزت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سب کا گھر ہے اور صوبے میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمہوری روایات، باہمی احترام اور سیاسی برداشت کی روایت قائم ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے پر تنقید ضرور کرتے ہیں تاہم اخلاقی اقدار، شائستگی اور عزت و احترام کی مضبوط روایات موجود ہیں۔ اختلاف رائے جمہوریت کا بنیادی حسن ہے اور اپوزیشن کا حکومت پر تنقید کرنا اس کا جمہوری حق ہے، تاہم سیاسی اختلافات کو باہمی احترام کے دائرے میں رکھنا بلوچستان کی مثبت سیاسی روایت کا حصہ ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن اراکین کا ایک ساتھ بیٹھنا بلوچستان کے مثبت سیاسی کلچر اور جمہوری پختگی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی قیادت کا باہمی احترام اور مل بیٹھ کر بات چیت کرنا بلوچستان کے بارے میں بیرون صوبہ اور بیرون ملک سے آنے والے مہمانوں کو ایک مثبت پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بلوچستان میں برداشت، رواداری اور باہمی احترام کی یہ روایت مستقبل میں بھی مضبوط ہوتی رہے گی اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلق اور محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے ان کا تعلق صرف سیاسی نہیں بلکہ جذباتی اور خاندانی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ان کے خاندان کی تین نسلوں کا تعلق ہے اور اس صوبے کے ساتھ محبت نسل در نسل چلی آ رہی ہے سردار ایاز صادق نے کہا کہ بلوچستان ان کے لیے اجنبی نہیں، یہاں کے لوگوں سے ان کا دیرینہ اور گہرا تعلق ہے۔ بلوچستان آ کر ہمیشہ اپنائیت اور محبت کا احساس ہوتا ہے اور یہاں کے لوگوں نے ہمیشہ عزت، محبت اور خلوص سے نوازا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی مٹی، یہاں کے لوگ اور روایات ان کے لیے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں اور وہ بلوچستان کے عوام کی محبت اور خلوص کے ہمیشہ معترف رہے ہیں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام اراکین اور صوبے کے ہر فرد کے لیے ان کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کے لیے قومی اسمبلی کے پلیٹ فارم سے ہر ممکن تعاون کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم ترین صوبہ ہے اور بلوچستان کی ترقی درحقیقت پورے پاکستان کی ترقی ہے۔ وفاق بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے عوام کی مہمان نوازی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کی محبت اور مہمان نوازی اپنی مثال آپ ہے۔ بلوچستان کے دورے پر آ کر انہیں ہمیشہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ اپنے لوگوں اور اپنے گھر میں آئے ہیں ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اس امر پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے سیاسی قیادت کے درمیان باہمی احترام، مشاورت اور تعاون کو مزید فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صباء 6

بقا اور مستقبل کا نمائندہ جرگہ ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان تمام اقوام کا مشترکہ ملک ہے، یہاں کوئی آقا اور غلام نہیں ہونا چاہیے۔ طاقت کے ذریعے کسی قوم کو وقتی طور پر خاموش کیا جا سکتا ہے لیکن اس کے بنیادی حقوق کو ہمیشہ کے لیے دبایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون دہشت گرد نہیں بلکہ امن پسند، مہمان نواز اور انسان دوست قوم ہیں، پشتون سرزمین کو پراکسی جنگوں اور عالمی طاقتوں کے مفادات کے لیے استعمال کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بندوق کسی مسئلے کا حل نہیں، ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد بحال کرنے کے لیے سویلین اداروں کو موثر کردار دینا ہوگا۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ملک کو درپیش بحرانوں کا حل آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خود مختاری، عدلیہ کی آزادی اور ووٹ کے احترام میں ہے۔ تمام ریاستی ادارے اپنی آئینی حدود میں رہ کر فرائض انجام دیں۔ غیر نمائندہ انتخابات اور انتخابی نتائج میں مداخلت سے ملک میں سیاسی استحکام پیدا نہیں ہو سکتا، جبکہ عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم کیے بغیر نہ معیشت مستحکم ہو گی اور نہ ہی شہریوں کا اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پشتون علاقوں کے قدرتی وسائل، بالخصوص معدنیات، تیل، گیس، سونے، تانبے اور کوئلے پر پہلا حق مقامی عوام کا ہے۔ مقامی آبادی کی مرضی کے بغیر قدرتی وسائل کی الاٹمنٹ یا کسی قسم کے معاہدے قبول نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پہاڑ معدنیات سے مالا مال ہیں لیکن وسائل سے مالا مال علاقوں کے نوجوان روزگار کی تلاش میں بیرون ملک مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ افغانستان کے حوالے سے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ افغانستان کا امن پورے خطے، بالخصوص پاکستان اور پشتون علاقوں کے امن سے جڑا ہوا ہے۔ پاکستان اور افغانستان کو باہمی احترام اور عدم مداخلت کی بنیاد پر اپنے مسائل حل کرنے چاہئیں۔ سرحد کے دونوں اطراف عوام کے خاندانی اور معاشی روابط میں رکاوٹیں پیدا کرنے کے بجائے قانونی تجارت کو سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونوں کو دوسروں سے شکایت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی داخلی کمزوریوں اور باہمی اختلافات کا بھی جائزہ لینا ہوگا۔ قوم کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے اتحاد، سیاسی شعور اور جمہوری جدوجہد کو مضبوط بنانا ہوگا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جرگے کی سفارشات اور فیصلے محض تقریروں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ ان پر عملدرآمد کے لیے مختلف سطحوں پر کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی۔ اختتامی سیشن کے دوران انہوں نے جرگے کی قراردادیں اور فیصلے شرکا کے سامنے پیش کیے جن کی متفقہ تائید کی گئی۔

بقیہ صباء 7

عزم رکھتے ہیں، کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے۔ بعد ازاں دوطرفہ دستاویزات کے تبادلوں کی تقریب یہاں کرغزستان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف بھی موجود تھے۔ جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط اور دستاویز کا تبادلہ کیا جن معاہدوں اور ایم او یوز کا تبادلہ کیا گیا ان میں انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) اور جمہوریہ کرغزستان کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک اسٹڈیز کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کی دستاویز، پاکستان کی وزارت خارجہ اور کرغزستان کی وزارت خارجہ کے درمیان 2026-27 کیلئے تعاون کا پروگرام، پاکستان کی حکومت اور کرغزستان کی کابینہ وزرا کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ بارے معاہدہ، کرغزستان اور پاکستان کی حکومت کے درمیان حوالگی کا معاہدہ، حکومت پاکستان اور کرغزستان کے درمیان سائنس اور تکنیکی تعاون کا معاہدہ، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان فوجداری معاملات میں باہمی قانونی معاونت کے معاہدے کا مسودہ، کرغزستان کی وزارت داخلہ اور پاکستان کی وزارت داخلہ و انسداد منشیات کے درمیان منشیات، نشہ آور اشیا اور پریکرسر کیمیکلز وغیرہ کی سمگلنگ کی روک تھام میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت صحت اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے درمیان طبی تعلیم کیلئے تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت تعلیم اور پاکستان کی وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے درمیان تعلیم کے شعبہ میں تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت قدرتی وسائل، ماحولیات اور تکنیکی نگرانی اور پاکستان کی وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ کاری کے درمیان ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، این ڈی یو پاکستان اور انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انیشی ایٹوز کرغزستان کے درمیان اکیڈمک ریسرچ اور معاون سرگرمیوں کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کے صدر کے زیر انتظام قومی ایجنسی برائے ورچوئل ایسٹس اور بلاک چین ٹیکنالوجیز اور پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں تعاون کے لیے مفاہمت کی یادداشت، لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ، اور جے ایس سی کرغز پوسٹ اور پاکستان پوسٹ کے درمیان پوسٹل سروسز اور ای کامرس کے شعبے میں باہمی تعاون سے متعلق دوطرفہ معاہدہ اور کرغزستان کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان تعاون کے معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ صباء 8

تاریخ ساز ہڑتال ہوئی اور ہڑتال کے بعد ہم اپنا آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، اسلام آباد لانگ مارچ کی کال، اسلام آباد اور راولپنڈی میں دھرنے، ملک بھر میں دھرنے پھیلانے کے آپشن موجود ہیں، آج (بدھ کو) اٹھارویں دن بھی چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں دھرنے جاری ہیں، پشاور کا دھرنا 5 دھرنوں میں تبدیل ہو گیا ہے، حیدرآباد دھرنا 10 دن سے جاری ہے، اندرون سندھ شہروں سمیت چترال جیسے علاقے میں بھی دھرنا جاری ہے، دھرنوں اور احتجاج میں عوام کی شرکت مسلسل بڑھتی جا رہی ہے۔ امیر کراچی منعم ظفر خان کے ہمراہ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری نے کراچی سمیت ملک بھر میں پیٹرول لیوی بھتہ اور آئی پی پیز کے خلاف ہماری تحریک اور 3 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کا غیر معمولی اور متفقہ طور پر حمایت کا اعلان کیا ہے، جس طرح آئی پی پیز کو نوازا جا رہا ہے اور لیوی بھتہ ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے یہ عوام پر بہت بڑا ظلم ہے اور اس پر خاموش رہنا بھی ظلم ہے، اس لیے ہماری تمام پارٹیوں کے سیاسی کارکنوں خواہ وہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں، ان سے اپیل ہے کہ ہماری عوامی جدوجہد کا حصہ بنیں کیونکہ یہ جدوجہد 25 کروڑ عوام کے دل کی آواز ہے، مہنگے پیٹرول اور بجلی سے ملک کا ہر شہری سخت پریشان اور بدحال ہے لیکن افسوس کہ حکومت، وزراء اور حکمران پارٹیوں کو عوام کے مسائل اور مہنگائی سے کوئی دلچسپی نہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے مزید کہا کہ ہم نے عوام کو شعور دیا کہ حکمران کس طرح ہماری جیبوں میں ڈاکہ ڈال رہے ہیں، یہ شعور اب ملک کے بچے بچے کو ہو گیا ہے، پاکستان میں ڈھائی کروڑ موٹر سائیکلیں اور تقریباً 5 ملین فور وہیکل گاڑیاں ہیں، موٹر سائیکل غریب اور عام لوگوں کی سواری ہے، حکمرانوں کے کوئی پبلک ٹرانسپورٹ کا نظام نہ بنانے کی وجہ سے خاندان کے کئی افراد ایک بائیک پر سفر کرنے پر مجبور ہیں، اس غریب طبقے سے حکمران ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے لیوی اور دیگر ٹیکسز کی مد میں وصول کر رہے ہیں، جو سراسر ظلم ہے، حکمرانوں کی شاہ خرچیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں، ان کے پروٹوکولز اور پیٹرول وغیرہ کا سارا بوجھ یہ غریب طبقہ اٹھاتا ہے، چند آئی پی پیز کو 17 سو ارب روپے سے زیادہ کی رقم دی اس بجلی کی جو انہوں نے بنائی ہی نہیں ہے، یہ پیسے غریب عوام کی جیبوں سے نکال کر دیے گئے ہیں، ملک میں موجود آئی پی پیز میں بے شمار ایسے لوگ ہیں، جنہوں نے اپنی کمپنی کو پاکستان سے باہر رجسٹرڈ کرایا ہوا ہے، یہ لوگ اپنی آمدنی کا انکم ٹیکس بھی پاکستان میں ادا نہیں کرتے، یہ پاکستانی عوام کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے، حکمران غریب آدمی کو ٹیکس فری نہیں کر سکتے لیکن بڑی بڑی کمپنیاں بنا کر جو اربوں روپے کی چینی امپورٹ کرتی ہیں، ان کو ٹیکس فری کر دیا جاتا ہے

بقیہ صباء 9

والے میزائلوں کو ناکام بنا دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اردنی فوج نے بتایا کہ اردن کی فضائی حدود میں 13 بیلسٹک میزائل داخل ہوئے، 10 کو فضا میں تباہ کر دیا، 3 بیلسٹک میزائل آبادی سے دور مقامات پر گرے۔ اردن میں امریکی تنصیبات پر ایرانی حملے میں جانی نقصان کی اطلاع نہیں۔ واضح رہے کہ امریکی حملوں کے بعد ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے اردن میں امریکی اڈے پر بیلسٹک میزائل سے حملے کا دعویٰ کیا تھا۔ پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ حملے میں متعدد امریکی فوجی ہلاک ہوئے، جبکہ کیمپ میں موجود کئی تنصیبات اور دشمن کے حملہ آور ہیلی کاپٹر بھی تباہ کر دیے گئے۔

بقیہ صباء 10

جو امن قائم ہوا تھا، وہ دیرپا نہیں ہو سکا۔ اس موقع پر ایرانی صدر نے کہا کہ روس اور ایران اسٹریٹجک شراکت دار ہیں اور ہم امریکا کے یکطرفہ جارحانہ اقدامات کا مقابلہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ امریکا نے ہمارے طلبہ، بے گناہ نوجوانوں اور لوگوں کو قتل کیا۔ جو وہ کر رہے ہیں وہ غیر قانونی ہے۔ ایرانی صدر پزشکیان نے کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ روس اس میں ایران کو سپورٹ کر رہا ہے اور اسی لیے ایران بھی روس کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ صباء 11

یونائیٹڈ فرنٹ نے گزشتہ ایک ماہ میں طالبان رجیم کے خلاف 34 کارروائیوں کا اعلان کیا۔ اے یو ایف کے مطابق کارروائیاں افغانستان کے 14 صوبوں میں کی گئیں۔ اے یو ایف ترجمان حکمت اللہ کاکڑ کے مطابق کارروائیوں میں 47 طالبان اہلکار ہلاک جبکہ 35 زخمی ہوئے۔ طالبان رجیم کے خلاف اے یو ایف کی مزاحمتی کارروائیوں کا سلسلہ مختلف صوبوں میں بدستور جاری ہے۔ 2 ستمبر کو اے یو ایف کی جانب سے کابل میں طالبان امر بالمعروف کے اہلکار قاری آغا گل کو نشانہ بنایا گیا۔ اے یو ایف کے مطابق قاری آغا گل کابل کے شہریوں کو ہراساں اور نوجوانوں کی تذلیل میں ملوث تھا۔ 1 ستمبر کو اے یو ایف نے سرپل میں طالبان رجیم کی چوتھی بٹالین کے ایک اہلکار کو نشانہ بنایا۔ کارروائی میں 1 اہلکار ہلاک ہوا۔

بقیہ صباء 12

تاجروں میں ڈیجیٹل نظام کے دائرہ کار کو وسعت دینے، مرکزی مرچنٹ ڈیٹا بیس کے قیام اور مالیاتی لین دین میں شفافیت و سہولت مزید بہتر بنانے کیلئے اہم اقدامات پر غور کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں وزارت خزانہ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی)، نادرا، کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، وزارت آئی ٹی و ٹیلی مواصلات کے سینئر حکام اور نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ وزیر مملکت نے وزیر اعظم کے کیش لیس اکانومی کے وژن پر پیشرفت کا جائزہ لیا اور پاکستان کی ڈیجیٹل مالیاتی تبدیلی کے عمل کو تیز کرنے کے لیے ترجیحات کا تعین کیا۔ اجلاس نے گزشتہ سال کے دوران کیش لیس اکانومی پر پیشرفت کا جائزہ لیا اور موجودہ مالی سال کے لیے قومی کیش لیس ڈیلیوری بورڈ کی سالانہ کارکردگی کے اہداف طے کیے۔ اس کے ساتھ ساتھ براہ راست نگرانی اور ڈیٹا کی شفافیت کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز اور خودمختار اداروں میں سرکاری ادائیگیوں کو ڈیجیٹل بنانے پر پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا، اور تمام دیگر، ملازمین اور پنشن کی ادائیگیوں کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ کمیٹی کے ارکان نے ملک بھر میں تاجروں کی جانب سے ڈیجیٹل نظام اپنانے کے دائرہ کار کو بڑھانے کی حکمت عملی پر بھی غور کیا اور ریئل ٹائم ٹرانزیکشن کی شفافیت بڑھانے کے لیے ایک مرکزی مرچنٹ ڈیٹا بیس قائم کرنے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے صارفین کے لیے طریقہ کار آسان بنانے پر بھی زور دیا تاکہ شہری ہر سطح پر بغیر دشواری ڈیجیٹل ادائیگیاں کر سکیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے وژن کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے شفاف، دستاویزی اور جامع معیشت کی تشکیل کے لیے حکومتی عزم دوہراتے ہوئے زور دیا کہ تیز رفتار عمل درآمد اور عوام کی زیادہ سے زیادہ سہولت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے پیشرفت کا جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

بقیہ صباء 13

گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے جاری مجوزہ رولز کے مطابق ٹیکس تنازع کے متبادل حل کے لیے درخواست مقررہ فارم پر ایف بی آر کو جمع کرانا ہوگی۔ درخواست کے ساتھ ٹیکس دہندہ کے نامزد نمائندے کی تفصیلات اور متبادل تنازعات کے حل کے لیے تین ریٹائرڈ ججوں کے نام بھی دینا ہوں گے۔ مسودے میں پانچ کروڑ روپے تک کے متنازع ٹیکس کی صورت میں کمیٹی کے چیئرپرسن کے لیے 3 لاکھ روپے جبکہ ہر رکن کے لیے ڈیڑھ لاکھ روپے معاوضہ تجویز کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پانچ کروڑ روپے سے زائد کے تنازع میں چیئرپرسن کو 5 لاکھ اور ہر رکن کو ڈھائی لاکھ روپے معاوضہ دینے کی تجویز ہے۔ چیئرپرسن اور ارکان کو بی پی ایس 22 اور بی پی ایس 21 کے افسران کے برابر سفری اور یومیہ الاؤنس دینے کی تجویز بھی شامل ہے۔ مجوزہ ترامیم کے تحت یکساں نوعیت کے متعدد معاملات کو یکجا کر کے ان پر مشترکہ کارروائی کی جا سکے گی۔ کمیٹی تحلیل ہونے کی صورت میں پہلے سے جمع یا ادا کی گئی رقم 15 روز کے اندر واپس کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مسودے کے مطابق کمیٹی کے کسی رکن یا چیئرپرسن کو مفاداتی ٹکراؤ کا سامنا ہو تو اسے سات روز کے اندر ایف بی آر کو آگاہ کرنا ہوگا۔ معاوضہ جاری یا ادا ہونے کے بعد رکن یا چیئرپرسن حتمی فیصلے تک کارروائی سے الگ نہیں ہو سکے گا۔ ایف بی آر نے مجوزہ ترامیم پر اعتراضات اور تجاویز طلب کر لی ہیں، جو سات روز کے اندر جمع کرائی جا سکیں گی۔

بقیہ صباء 14

محمد شہباز شریف کا کرغزستان سے وطن واپس پہنچتے ہی وزارت صحت کے امور اور پمز آتشزدگی کے واقعے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال، وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، سیکرٹری ہیلتھ کیپٹن (ر) محمد محمود اور پمز اسپتال کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد سلمان شریک تھے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو شعبہ صحت کے حوالے سے بریفنگ جبکہ پمز آتشزدگی واقعے کے حوالے سے جاری تحقیقات پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ عبوری تحقیقاتی رپورٹ کی روشنی میں وزیر اعظم کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مجرمانہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے وزیر صحت اور سیکرٹری صحت کو ہدایت کی کہ وہ دونوں متبادل دنوں میں پمز اسپتال میں اپنی ذاتی موجودگی کو یقینی بنائیں اور اپنی نگرانی میں اسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات پر عملدرآمد کروائیں۔ وزیر اعظم نے پمز اسپتال میں علاج معالجے کی سہولیات کی بہتری اور تمام تر حفاظتی اقدامات کا اطلاق یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعظم کی ہدایت کرتے ہوئے شعبہ صحت میں اصلاحات کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ صباء 15

سے استقبال کیا۔ وزیر اعظم کے صدارتی محل آمد پر پاکستان اور کرغزستان کے قومی ترانے بجائے گئے۔ بعد ازاں وزیر اعظم شہباز شریف کو صدارتی محل آمد پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، کرغزستان کی مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے وزیر اعظم کو سلامی دی۔ اس موقع پر کرغز صدر نے وزیر اعظم شہباز شریف کا اپنے وفد کے ارکان سے تعارف بھی کرایا، جبکہ وزیر اعظم نے بھی کرغز صدر سے پاکستانی وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔

بقیہ صباء 16

کی پیش رفت پر گفتگو ہوئی۔ اس میں ویمن فیسلیٹیشن سینٹرز کے قیام، صوبائی اور وفاقی عدالتوں کو مناسب عمارتوں میں منتقل کرنے اور زیر تکمیل عدالتی انفراسٹرکچر کے منصوبوں کے لیے فنڈز کی بروقت فراہمی شامل تھی تاکہ کام بلا تعطل جاری رہ سکے۔ اس موقع پر کراچی کے کورنگی میں ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا اور زیر التوا مسائل کے حل اور کام میں تیزی لانے پر زور دیا گیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ عدالتوں کے موثر نظام اور بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے مناسب انفراسٹرکچر اور مالی معاونت ناگزیر ہے۔ انہوں نے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان ادارہ جاتی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عدالتوں کی عمارتوں، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری میں بہتری کی شکل میں عملی جامہ پہنایا جا سکے۔ حکومت سندھ کے نمائندوں نے عدالتی شعبے کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ انصاف کے نظام کو مضبوط بنانے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ متعلقہ محکمے زیر التوا مسائل کے حل اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے عدلیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں گے۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ سندھ ہائی کورٹ، بار اور حکومت سندھ سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل مشاورت اور قریبی تعاون کے ذریعے باہمی طور پر قابل قبول حل نکالا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات عدالتی اصلاحات کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ ہیں جس کا مقصد انفراسٹرکچر کی بہتری، ٹیکنالوجی پر مبنی سہولیات اور عوامی سہولت کاری کو مضبوط بنا کر عدالتی اداروں کو زیادہ قابل رسائی، موثر، عوام دوست اور عوامی ضروریات کے مطابق جوابدہ بنانا ہے چیف جسٹس جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی تیز تر فراہمی کے لئے مناسب عدالتی انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل اور ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے۔

بقیہ صباء 17

نعروں سے نہیں بدلتا بلکہ تعلیم، کتاب، قلم، محنت، اچھے کردار اور مسلسل جدوجہد سے قومیں ترقی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں دیگر اقوام کا مقابلہ ہتھیاروں سے نہیں بلکہ قلم اور علم سے کرنا چاہیے۔ بلوچستان کے نوجوان ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ، سائنسدان، وکلا، افسران، محققین اور ٹیکنالوجی کے ماہرین بنیں اور محنت کے ذریعے زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں مقام حاصل کریں۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ نوجوان جب کامیابی حاصل کر کے اہم عہدوں تک پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف ذاتی مفاد تک محدود نہ رکھیں بلکہ اپنے علم، تجربے اور مقام کو عوام اور بلوچستان کی خدمت کے لیے استعمال کریں۔ نوجوان نسل کی رہنمائی کریں اور ایک بہتر اور ترقی یافتہ معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ موجودہ دور ٹیکنالوجی کا دور ہے اور دنیا مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر سائنس، جدید صنعتوں اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی جدید ہنر سیکھنے، ان شعبوں میں آگے بڑھنے، نئے خیالات پیدا کرنے اور ٹیکنالوجی کو بلوچستان کی ترقی کے لیے استعمال کرنے پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا بلوچستان دیکھنا چاہتے ہیں جہاں تعلیم عام ہو، نوجوان ہنرمند ہوں، علم و تحقیق کا احترام کیا جائے اور ٹیکنالوجی ترقی کا ذریعہ بنے۔ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں استعمال کر کے نہ صرف اپنا مستقبل بہتر بنائیں بلکہ صوبے اور ملک کی ترقی میں بھی موثر کردار ادا کریں۔

بقیہ صباء 18

اسپارک 2026- کی افتتاحی بریفنگ کی صدارت کی، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران بھی اس موقع موجود تھے۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مشق روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ لیتی ہے، مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں، مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں۔ اس سے قبل چیف آف دی نیول اسٹاف نے پاک بحریہ کے فلیٹ یونٹس کا دورہ کیا اور جاری آپریشنز کا جائزہ لیا۔ نیول چیف نے افسران اور جوانوں سے خطاب کیا۔ نیول چیف نے کہا کہ بدلتا ہوا سکیورٹی ماحول غیر متزلزل تیاری، مسلح افواج کے درمیان تعاون، حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کا تقاضا کرتا ہے، مشق سی اسپارک 2026- کا بنیادی مقصد ملٹی ڈومین آپریشنز کی مشق کرنا ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ مشق میں سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے، مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے تاکہ سمندر میں روایتی جنگی کارروائیوں کے ساتھ معلوماتی محاذ پر بھی برتری حاصل کی جا سکے۔

بقیہ صباء 19

چھت، کاروبار کے لیے مواقع، مزدور کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جون 2025 کے بعد سے اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی جس نے ملک کے اقتصادی منظر نامے کو نیا رخ دیا ہے۔ صرف دو ماہ کے مختصر عرصے میں پروگرام کے تحت قرضوں کی منظوری اور رقم کی ادائیگیوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت منظور کیے جانے والے قرضوں کی تعداد 109 فیصد اضافے کے ساتھ 52600 سے تجاوز کر چکی، منظور شدہ فنانسنگ کی مجموعی رقم 116 فیصد کے زبردست اضافے کے بعد 312 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔

بقیہ صباء 20

کے منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے تاکہ بجلی کے بحران پر جلد قابو پایا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے یہ ہدایات وزیر اعظم کی جانب سے گلگت بلتستان کے ترقیاتی مسائل کا جائزہ لینے اور خطے کی ترقی کے لیے قابل عمل سفارشات مرتب کرنے کے لیے قائم کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین زبیر، گلگت بلتستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ویڈیو لنک کے ذریعے جبکہ وفاقی اور گلگت بلتستان حکومتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کو درپیش توانائی، مالیات، محصولات، سیاحت، ریگولیٹری فریم ورک، ادارہ جاتی استعداد اور ترقیاتی منصوبوں سمیت اہم امور پر قائم کمیٹیوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 10.6 ارب روپے کا ہلتر پاور پراجیکٹ تکمیل کے قریب ہے جبکہ 12.9 ارب روپے کا ہنزل پاور پراجیکٹ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ اجلاس میں 24.9 ارب روپے کے پی ایس ڈی پی منصوبے گلگت بلتستان کے مختلف مقامات پر 100 میگاواٹ ڈسٹری بیوٹڈ سولر فوٹو وولٹک (ڈی پی وی) پلانٹس پر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ پروفیسر احسن اقبال نے منصوبے کو گلگت بلتستان میں بجلی کی شدید قلت کے خاتمے کیلئے انتہائی اہم اور ترجیحی منصوبہ قرار دیتے ہوئے اس پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے میں چھتوں اور بڑے پیمانے پر سولر تنصیبات کے ساتھ متعلقہ ٹرانسمیشن لائنز اور رسائی کی سڑکیں بھی شامل ہیں۔ گلگت بلتستان حکومت کے دائرہ کار میں آنے والی ٹرانسمیشن اور سڑکوں کی تعمیر صوبائی حکومت مکمل کرے گی۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ منصوبے کے وفاقی اور گلگت بلتستان حکومت سے متعلق حصوں پر بیک وقت کام کیا جائے نہ کہ مرحلہ وار تاکہ منصوبے کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے گلگت بلتستان حکومت کو اپنی ذمہ داری کے تحت آنے والی سڑکوں اور ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر پر فوری کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے منصوبے کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن بھی تعمیراتی کام کے ساتھ ساتھ جاری رکھنے کی ہدایت کی تاکہ معیار اور قواعد و ضوابط کی آزادانہ جانچ یقینی بنائی جا سکے اور جاری کام متاثر نہ ہو۔

بقیہ صباء 21

عوام کو بہتر اور معیاری علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے صرف طبی مراکز اور جدید آلات کافی نہیں، بلکہ تربیت یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ حکومت بلوچستان میرٹوکریسی کے فروغ اور اداروں میں اہل افراد کی تعیناتی کے اصول پر کاربند ہے تاکہ سرکاری نظام میں پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ سے بھی کسی تقرری یا تعیناتی کے لیے سفارش نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تمام معاملات میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر آگے بڑھتے جائیں، حکومت کسی بھی قسم کے سیاسی دباؤ کو میرٹ کی راہ میں حائل نہیں ہونے دے گی انہوں نے کہا کہ "ہم میرٹ پر کام کریں گے، سیاسی دباؤ میں لینے کو تیار ہوں لیکن میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔" وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں نجی اور غیر سرکاری اداروں کے تجربات اور مہارت سے بھی استفادہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک جیسے اداروں کے ساتھ اشتراک سے صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی خدمات کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے ملاقات میں [illegible]، ڈیرہ بگٹی میں انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے منصوبے، طبی سہولیات، انسانی وسائل کی تربیت، صحت کے نظام میں بہتری اور مستقبل کے مختلف اشتراکی منصوبوں کے حوالے سے تجاویز کا جائزہ لیا گیا وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے عوام کو باوقار، بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مربوط اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ صباء 22

پانی کی سطح بلند ہونے پر ضلعی انتظامیہ نے آج 2 ستمبر کو اڑھائی بجے دوبارہ سپل وے کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ اسلام آباد کے مطابق راول ڈیم میں پانی کی سطح 1751.40 فٹ تک پہنچ گئی ہے جس کے پیش نظر سپل وے بدھ کو کھول دیے جائیں گے۔ ضلعی انتظامیہ نے سپل وے کھولنے کے دوران ریسکیو 1122، پولیس اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے جبکہ سپل وے کھولنے سے قبل تمام متعلقہ اداروں کو ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ سپل وے کھولے جانے کے دوران ندی نالوں اور نشیبی علاقوں کے قریب جانے سے گریز کریں اور احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ صباء 23

ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت اور حکومتوں کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی ملکیت اور اجتماعی مزاحمت کی بنیاد پر قائم مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مشترکہ دفاعی معاہدے کی سیاسی اور دفاعی سٹرٹیجک کمیٹی کی طرف سے پیر کو جاری ایک مشترکہ بیان میں اس بات کی تصدیق کی گئی تھی کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ دفاعی صنعت کے شعبے میں مضبوط تعاون، پیداوار اور مشترکہ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ذریعے مشترکہ سرگرمیوں سے اپنی دفاعی صلاحیتوں اور اپنی مسلح افواج کے توازن کو مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ صباء 24

گیمز خانہ کی افتتاحی تقریب کے کامیاب انعقاد پر وزیر خارجہ کلوبایف کو مبارکباد دی۔ انہوں نے ایس سی او کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں کرغزستان کی قیادت کو سراہا۔ نائب وزیر اعظم نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، رابطہ، علاقائی سلامتی اور عوامی سطح پر روابط کے فروغ پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ کرغزستان کے وزیر خارجہ کلوبایف نے پاکستان کو 2026-27 کے لیے ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ کی صدارت سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان تنظیم کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں موثر قیادت فراہم کرے گا۔ انہوں نے کرغزستان کے پاکستان کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات کا اعتراف کرتے ہوئے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے آمادگی کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور امن، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے ایس سی او اور دیگر کثیر الجہتی فورمز میں قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ نائب وزیر اعظم کے ہمراہ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے امور خارجہ طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی تھیں۔

بقیہ صباء 25

بدھ کے روز پریس بیانات میں مزید کہا کہ اسرائیل آنے والے یہودی تہواروں کے دوران ایرانی حملے کا نشانہ بننے کے امکانات کے لیے تیاری کر رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس نوعیت کے ہر حملے کو ایک مضبوط جواب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل اس وقت واشنگٹن کے مفادات جو آبنائے ہرمز اور توانائی کی سیکورٹی سے جڑے ہیں کے پیش نظر امریکہ کو ایران کے خلاف حملوں کی قیادت کرنے کی اجازت دے رہا ہے لیکن انہوں نے خبردار کیا کہ ان کا ملک براہ راست اس محاذ آرائی میں شامل ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے ہم پر حملہ کیا تو ہم کسی بھی دوسری فریق سے آزاد ہو کر بڑی طاقت کے ساتھ جواب دیں گے۔ کاٹز نے اس بات پر زور دیا کہ اسرائیل نے آپریشن رائزنگ لائن کے دوران ایرانی جوہری پروگرام کو تباہ کر دیا ہے۔ تل ابیب اس کی تعمیر نو کی کسی بھی کوشش پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس بات پر دوبارہ زور دیا کہ ان کا ملک تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ صباء 26

ٹینکر کے بدلے ایک ٹینکر کا نام دیا گیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق ان دونوں ٹینکرز کو نشانہ بنانا ایران میں امریکی فوج کی جانب سے کیے گئے وسیع حملوں کا حصہ تھا۔ ان حملوں میں تقریباً 100 فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ ایک امریکی عہدیدار نے بتایا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس نئی پالیسی کی منظوری دے دی ہے۔ اس پالیسی کا مقصد ایران کو آبنائے ہرمز سے گزرنے والے آئل ٹینکرز اور تجارتی، بحری جہازوں پر حملوں سے باز رکھنا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق نئی پالیسی کے تحت ایران جس بحری جہاز کو نشانہ بنائے گا، امریکہ اس کے جواب میں ایک ایرانی آئل ٹینکر کو نشانہ بنائے گا۔ دونوں ایرانی آئل ٹینکر ایرانی ساحل کے قریب لنگر انداز تھے اور اس مقام سے شمال کی جانب موجود تھے، جہاں امریکی فورسز نے بحری ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ اسی دوران امریکی ڈرونز نے انہیں میزائلوں سے نشانہ بنایا، جو دونوں جہازوں کے انجن رومز میں جا لگے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ امریکہ نے آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر ہونے والے حملوں کے جواب میں انتقامی کارروائی کے طور پر ایرانی آئل ٹینکرز کو نشانہ بنایا ہے۔ یہ کارروائی امریکی بحری ناکہ بندی توڑنے کی کوشش کو روکنے کے لیے نہیں کی گئی۔ دونوں ٹینکرز کو نشانہ بنانا ایک بڑے فوجی آپریشن کا حصہ تھا۔

بقیہ صباء 27

کو ازبکستان کے 35 ویں یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں مضبوط تعاون دونوں ممالک کی وسیع تر اقتصادی شراکت داری اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے ازبک صدر شوکت مرزیایوف، حکومت اور عوام کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ازبکستان کے لیے مسلسل امن، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ازبک عوام کی کامیابیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تاریخی روابط کو اہمیت دیتا ہے جو مشترکہ اسلامی ثقافت اور تہذیب پر مبنی ہیں۔ پاکستان ان اولین ممالک میں شامل تھا جنہوں نے ازبکستان کی آزادی کو تسلیم کیا جبکہ دونوں ممالک نے 1992 میں باضابطہ سفارتی تعلقات قائم کیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان مئی 2027 میں اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 35 ویں سالگرہ بھی منائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی احترام، مشترکہ تاریخی و ثقافتی اقدار اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں جبکہ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط، تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ صباء 28

پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ویت نام کے ساتھ اپنے خوشگوار اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے باہمی مفاد کے لیے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور اس کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے پرعزم ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور ویت نام آئندہ سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 55 ویں سالگرہ منائیں گے۔ اس اہم سنگ میل کے موقع پر صدر مملکت نے صدر ٹو لام کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تاکہ اس اہم موقع کو مل کر یادگار بنایا جا سکے اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

بقیہ صباء 29

پاکستان تحریک انصاف کے 16، پاکستان پیپلز پارٹی کے 11، مسلم لیگ ن کے 7، بلوچستان عوامی پارٹی کے 4، جمعیت علمائے اسلام کے 3، عوامی نیشنل پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کے 2، مسلم لیگ ق کے ایک جبکہ 3 آزاد سینیٹرز شامل ہیں۔ مدت مکمل کرنے والے سینیٹرز میں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، رانا ثنا اللہ، عابد شیر علی، افنان اللہ خان، سعدیہ عباسی، شیری رحمان، فاروق ایچ نائیک، پلوشہ خان، وقار مہدی، عبدالقادر، بیرسٹر علی ظفر، عون عباس بپی، ذرقا سہروردی تیمور، فلک ناز چترالی، فیصل سلیم رحمان، مشال یوسفزئی، ہمایوں مہمند، محسن عزیز، سیف اللہ ابڑو، سیف اللہ نیازی، ذیشان خانزادہ، خرم ذیشان، مولانا عطاالرحمن، کامران مرتضیٰ، کامل علی آغا، فیصل سبزواری، منظور کاکڑ، ثمینہ ممتاز زہری، حافظ عبدالکریم اور نسیمہ احسان سمیت دیگر سینیٹرز شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مدت مکمل کرنے والے سینیٹرز میں حکومتی بنچز کے 27 جبکہ اپوزیشن بنچز کے 21 ارکان شامل ہوں گے۔ الیکشن کمیشن آئندہ سال سینیٹ کی 48 نشستوں پر انتخابات کرائے گا، جس کے بعد نئے سینیٹرز ایوان کا حصہ بنیں گے۔

بقیہ صباء 30

11.15 فیصد ریکارڈ کی گئی، جولائی میں مہنگائی کا گراف 9.2 فیصد پر تھا۔ پیاز، انڈے، آلو، گندم اور آٹا مہنگا، بجلی، تیل، گھروں اور ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی بڑھ گئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ماہانہ بنیاد پر مہنگائی میں 1.19 فیصد اضافہ ہوا۔ اگست میں پیاز کی قیمت 46 فیصد اور انڈوں کی 11.5 فیصد تک بڑھی۔ آلو 6.82 فیصد اور سبزیاں 5.50 فیصد تک مہنگی ہوئیں۔ گندم کا 5.26 فیصد آٹے کا 2، دال چنا 4.77 اور بیسن کا ریٹ 3.74 فیصد بڑھا۔ چائے، دال مسور، گھی اور خشک دودھ مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ ایندھن، واٹر سپلائی، بجلی، ٹرانسپورٹ کرائے، اسپتال چارجز، ادویات اور تعمیراتی سامان کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سالانہ بنیاد پر ٹرانسپورٹ کرائے 20 فیصد تک بڑھ گئے جبکہ ہاؤسنگ، پانی، بجلی اور گیس 8.87 فیصد مہنگی ہوئی۔

بقیہ صباء 31

اورنگزیب خان کھچی کے درمیان ملاقات کے دوران کی گئی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ مرکز کی عارضی فہرست میں پاکستان کے 37 مقامات شامل ہیں، جن میں آثار قدیمہ کا مقام رانی گھاٹ اور بنبھور بھی شامل ہیں۔ ملاقات کے دوران بتایا گیا کہ عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی سے متعلق ایک وفد کا 6 سے 11 ستمبر 2026 کے دوران بنبھور کا دورہ متوقع ہے جبکہ وفاقی سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافت اسد رحمان گیلانی کو بھی وفد میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے، ورثہ مقامات کی نامزدگی کے عمل کو آگے بڑھانے اور تحفظ کے لیے یونیسکو سے خصوصی تعاون طلب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں متعدد اہم آثار قدیمہ اور ثقافتی مقامات کو زیادہ توجہ، تکنیکی معاونت اور بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ہے۔ یونیسکو کے نمائندے فوائد پاشائیف نے وفاقی وزیر کو یقین دلایا کہ یونیسکو پاکستان کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گا اور پاکستان میں یونیسکو کا دفتر ورثے کے تحفظ اور اس سے متعلق امور کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ یونیسکو پاکستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے تعاون جاری رکھے گا۔ وفاقی وزیر نے یونیسکو سے پاکستان کے چار منتخب کھانوں اور روایتی غذائی ثقافت کو یونیسکو کے غیر مادی ثقافتی ورثے کے فریم ورک میں شامل کرانے کے لیے بھی معاونت کی درخواست کی۔ فوائد پاشائیف نے وزارت سے مجوزہ کھانوں اور روایات کی فہرست فراہم کرنے کو کہا تاکہ ان کا جائزہ لیا جا سکے۔

بقیہ صباء 32

ہوئے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ دریائے سندھ کے پانیوں سے متعلق پاکستان کے دیرینہ حقوق اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے یہ فیصلہ نہایت اہم اور خوش آئند ہے جس سے نہ صرف پاکستان کے اصولی موقف کو تقویت ملی ہے بلکہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری، ریاستی ذمہ داریوں اور عالمی قانون کی بالادستی کے اصول بھی مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ عالمی ثالثی عدالت کا سندھ طاس معاہدے سے متعلق یہ فیصلہ واضح پیغام ہے کہ بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے جبکہ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری کے لیے ہر قانونی اور سفارتی فورم پر موثر انداز میں اپنا مقدمہ پیش کرتا رہے گا۔

بقیہ صباء 33

چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں سمیت تمام اضلاع کے ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی اور انہیں فعال بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بنیادی مراکز صحت، ضلعی و تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں اور بڑے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کیلئے مرحلہ وار اقدامات جاری ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع و عریض صوبہ ہے جہاں دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم حکومت اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کر رہی ہے۔ عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں میں ضروری مشینری اور ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ سرکاری ہسپتال عوام کی امانت ہیں اور ان میں آنے والے مریضوں کو بہترین ممکنہ علاج فراہم کرنا حکومت اور محکمہ صحت کی ذمہ داری ہے۔ مریضوں اور ان کے لواحقین کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، اس کیلئے ہسپتالوں کی کارکردگی کی نگرانی اور انتظامی امور کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملہ صحت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے طبی عملے کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بہتر ماحول فراہم کرنے کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت چاہتی ہے کہ بلوچستان کے ہر شہری کو بلا امتیاز معیاری علاج کی سہولت میسر ہو۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا تھا کہ صحت کے شعبے میں ترقی کا براہ راست تعلق صوبے کی مجموعی خوشحالی سے ہے۔ صحت مند معاشرہ ہی ترقی کی بنیاد بنتا ہے، اس لیے حکومت صحت کے شعبے کو مزید مضبوط بنانے، ہسپتالوں کا معیار بہتر کرنے اور جدید طبی سہولیات متعارف کرانے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے، ہسپتالوں میں صفائی، ادویات کی دستیابی اور طبی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا صرف حکومتی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک قومی فریضہ ہے، اور حکومت اس فریضے کو بھرپور انداز میں ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ صوبے کے عوام کو مایوس نہیں کیا جائے گا اور صحت کے شعبے میں بہتری کا عمل آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ صباء 34

گروہوں کے قبضے سے 2 ہینڈ گرنیڈ بھی برآمد ہوئے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عمر فاروق ولد حسن گل اور عبداللہ ولد ممتاز علی کے نام سے ہوئی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ گرفتار دہشت گردوں کا تعلق فتنہ الخوارج، کالعدم ٹی ٹی پی کے مفتی سعد گروپ سے ہے۔ ملزمان اپنے کمانڈر کی ہدایت پر افغانستان سے کراچی پہنچے تھے، جہاں انہیں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے مختلف ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں۔ ترجمان کے مطابق گرفتار دہشت گرد رینجرز اور پولیس کے اہم مقامات اور افسران کی ریکی کر رہے تھے اور حاصل کردہ معلومات اپنے کمانڈر کو فراہم کرتے تھے۔ تفتیش کے دوران یہ بھی سامنے آیا کہ ملزمان کے قبضے سے برآمد ہونے والے ہینڈ گرنیڈز ان کے کمانڈر کی ہدایت پر تنظیم کے ایک دوسرے ساتھی کے حوالے کیے جانے تھے، جنہیں مبینہ طور پر اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیا جانا تھا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار دہشت گردوں کے خلاف تھانہ سی ٹی ڈی آپریشن کراچی میں 2 مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ مقدمہ الزام نمبر 168/2026 میں انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کی دفعہ 7 اور دھماکا خیز مواد ایکٹ 1908 کی دفعات 4 اور 5، جبکہ مقدمہ الزام نمبر 268/2026 میں بھی انہی دفعات کے تحت کارروائی کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار دہشت گردوں سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ صباء 35

چیئرمین نے پولیس ڈیپارٹمنٹ کو حتمی وارننگ دی۔ کمیٹی نے اسلام آباد پولیس میں اس وقت جاری 1,588 آسامیوں کی بھرتی کے عمل کا بھی جائزہ لیا تاکہ اقلیتوں کے لیے مختص 5 فیصد کوٹے پر مکمل عملدرآمد اور سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق گزشتہ برسوں کی کیری فارورڈ بیک لاگ آسامیوں کو بھی شامل کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ شہری ترقی کے امور کا جائزہ لیتے ہوئے کمیٹی نے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے حکام کی جانب سے اسلام آباد میں 10 تسلیم شدہ اور متعدد غیر تسلیم شدہ کچی آبادیوں کے حوالے سے دی گئی بریفنگ کا جائزہ لیا اور مزید غیر قانونی توسیع کی روک تھام کے لیے سخت نگرانی کی ہدایت کی۔ کمیٹی نے بے گھر ہونے والے رہائشیوں کو معاوضے کی ادائیگی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا، ماضی میں دوہری ادائیگی کے بے ضابطگیوں سے متعلق اندرونی انکوائری کا حکم دیا اور سید پور گاؤں میں 16 ویں صدی کے رام مندر، گوردوارہ اور دھرم شالہ سمیت متروکہ اور غیر فعال تاریخی مقامات کو فوری بحالی، دوبارہ استعمال اور اراضی کی منصفانہ ازسرنو تشخیص کے لیے متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کے حوالے کرنے پر بھی غور کیا۔ غیر رسمی آبادیوں کے معاملے پر رکن قومی اسمبلی نوید عامر نے نشاندہی کی کہ تقریباً ایک لاکھ اقلیتی ورکرز کچی آبادیوں میں رہائش پذیر ہیں۔ انہوں نے وزارت مذہبی امور اور حکومت پر زور دیا کہ وہ ہمدردانہ پالیسی وضع کریں، جس کے تحت ان افراد کو مالی نقصان یا ذہنی و جذباتی اذیت پہنچائے بغیر پرامن مقامات پر مناسب متبادل رہائش فراہم کی جائے۔

بقیہ صباء 36

چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کا دارومدار مضبوط اور بہتر مواصلاتی نظام پر ہے، یہی وجہ ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تحت سڑکوں کی تعمیر، مرمت اور بحالی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ دور دراز علاقوں کو ضلعی اور صوبائی مراکز سے منسلک کرنے کیلئے سڑکوں کے نیٹ ورک کو مزید وسعت دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو آمد و رفت میں آسانی میسر آئے اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہو۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ حکومت عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھا رہی ہے۔ جن علاقوں میں سڑکیں خستہ حالی کا شکار ہیں وہاں بحالی کے کاموں کو تیز کیا جائے گا

بقیہ صباء 37

نے چین کے بڑے اور بااثر کتب میلوں میں پاکستان کی شرکت کو مزید وسعت دی ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان گہرے ثقافتی اور عوامی روابط کی عکاسی ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق سدرن چائنا بک فیئر کا آغاز 1993 میں ہوا تھا۔ یہ ایک جامع کتاب اور ثقافتی نمائش ہے جو عوامی فلاح، آسان رسائی، وسیع عوامی شرکت اور اعلیٰ معیاری پیشکش کے اصولوں پر قائم ہے۔ رواں سال کتب میلے میں تقریباً 40 ہزار مربع میٹر رقبے پر نمائش کا اہتمام کیا گیا، جہاں 31 خصوصی پویلین قائم کیے گئے ہیں۔ چین اور دیگر ممالک کے 300 سے زائد اشاعتی اداروں نے 5 لاکھ سے زائد کتب اور ثقافتی و تخلیقی مصنوعات جبکہ تقریباً 30 ہزار غیر ملکی زبانوں میں شائع ہونے والے اصل ایڈیشنز نمائش کے لیے پیش کیے۔ یوریشین پویلین کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گوانگ ژو میں پاکستان کے قونصل جنرل سردار محمد نے کہا کہ کتابیں مختلف زبانوں، اقوام اور تہذیبوں کو جوڑنے والا ایک لازوال پل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستانی پویلین میں چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے حوالے سے خصوصی تصویری نمائش بھی پیش کی گئی ہے۔ نمائش میں پاکستان کے تین کاروباری اداروں اور ملک کے معروف اشاعتی ادارے نے شرکت کی، جہاں ادبی اور ثقافتی مواد کی متنوع اقسام پیش کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق نمائش میں شریک پاکستانی اشاعتی ادارے فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے بھی پاکستان کی مستند کتب اور ادبی تخلیقات کا انتخاب پیش کیا۔ 1894 سے قائم اس ادارے کی نمائش میں تاریخ، فلسفے، جدید افسانوں اور شاعری سمیت مختلف موضوعات پر کتب شامل ہیں۔

بقیہ صباء 38

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں لسانی نہیں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے" خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھو دیش کے نعرے کو غداری نہیں، سندھ میں نیا صوبہ بنانے کو غداری کہا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی قومی اور صوبائی معیشت میں سب سے بڑا حصہ دیتا ہے، کراچی کے وسائل پر کراچی کا اختیار نہ ہونے کے برابر ہے، مردم شماری میں کراچی کے ساتھ ناانصافی ہوئی۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ میں ایک طبقہ بجٹ بناتا ہے، دوسرا اسے خرچ کرتا ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ ٹریڈ ڈیفیسٹ سے زیادہ ٹرسٹ ڈیفیسٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، اٹھارہویں ترمیم نے اختیارات وفاق سے صوبوں تک پہنچائے عوام تک نہیں، پاکستان طاقت سے نہیں، انصاف سے قائم رہ سکتا ہے۔

بقیہ صباء 39

لے کر چلیں گے، عوام کی بے لوث خدمت ہی ہمارا وژن ہے۔ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اسے ہر صورت مقدم رکھتے ہوئے علاقے کی تعمیر و ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ سیاست کا مقصد اقتدار نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہے۔ حلقے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی عمل کو تیز کرنے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد سمیت پورے حلقے کی پائیدار ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ علاقے کی ترقی کسی ایک فرد یا جماعت کی نہیں بلکہ تمام لوگوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس لیے تمام سیاسی و سماجی حلقوں اور برادریوں کو ساتھ لے کر آگے بڑھیں گے تاکہ حلقے کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

بقیہ صباء 40

گے۔ خواجہ آصف نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ پانی کے معاملے پر پاکستان کا موقف عالمی سطح پر منوانا ایک بڑی کامیابی ہے۔ عالمی کمیشن نے پاکستان کے موقف کو دوٹوک اور واضح طور پر درست قرار دیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ عالمی کمیشن نے صاف لکھا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ دونوں فریقین کی رضامندی کے بغیر نہ تبدیل کیا جا سکتا ہے پانی کے معاملے پر پاکستان کا موقف عالمی سطح پر منوانا ایک بڑی کامیابی ہے اور نہ ہی معطل کیا جا سکتا ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ گزشتہ ڈیڑھ، دو سال کے دوران بھارت کو جنگی اور سفارتی محاذ پر مسلسل ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے پانی کے مسئلے سمیت مختلف محاذوں پر اپنا موقف کامیابی سے دنیا کے سامنے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں بھی پانی کے مسئلے کو واضح طور پر اٹھایا اور پاکستان کی پالیسی بیان کر دی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کا معاملہ ہو یا جنگ کا، پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے سرخرو کیا ہے۔ خواجہ آصف کے مطابق عالمی ماہرین سندھ طاس معاہدے پر عمل درآمد کی مانیٹرنگ کر رہے تھے اور انہیں بخوبی معلوم تھا کہ معاہدے کی خلاف ورزی بھارت کی جانب سے کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کی تائید اس بات کا ثبوت ہے کہ پانی کے معاملے پر پاکستان کا موقف اصولی اور معاہدے کی روح کے مطابق ہے۔

بقیہ صباء 41

مصروف ہے۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمہ داریوں کو ختم نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت سے سندھ طاس معاہدے پر مکمل عمل درآمد کی جانب واپس آنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ بھارت کا طرز عمل ان خطوں کے لیے بھی منفی مثال قائم کر سکتا ہے جہاں مشترکہ وسائل قانونی معاہدوں کے تحت منظم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا یہ رویہ عالمی تنازعات کے طے شدہ نظام پر اعتماد کو مجروح کرتا ہے اور دیگر خطوں کے لیے بھی ایک منفی مثال قائم کر سکتا ہے۔ جنوبی ایشیا جیسے حساس خطے میں مشترکہ آبی وسائل کے انتظام کے لیے قانونی معاہدوں کی مکمل پیروی ہی واحد راستہ ہے۔ یاسین ملک کے معاملے پر انہوں نے کہا کہ پاکستان حریت رہنما کے خلاف مقدمے اور سزا کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے کیونکہ یہ انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ پاکستان اس مسئلے کو کثیر الجہتی فورمز پر اٹھاتا رہے گا، پاکستان عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ یاسین ملک کی زندگی اور صحت کے حوالے سے فوری نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان یاسین ملک کی صحت اور طویل زندگی کے لیے دعا گو ہے، سید علی گیلانی ہماری دعاؤں میں موجود ہیں۔

بقیہ صباء 42

سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ ان کے مطابق بلوچستان ایک تاریخی سرزمین ہے اور یہاں طاقت کے ایسے واقعات حالات کو مزید پیچیدہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کشیدگی کے بجائے امن، سیاسی مکالمے اور حالات کی بہتری کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیے، جبکہ ریاست کو بھی طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سیاسی حل کو ترجیح دینی چاہیے۔

بقیہ صباء 43

وزیر اعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں۔ آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا۔

تلاشِ گمشدہ

میری 70CD Honda موٹر سائیکل کے CSD ڈاکومنٹس کہیں گم ہو گئے ہیں۔ اگر کسی بھائی کو یہ ڈاکومنٹس ملیں تو براہ کرم درج ذیل نمبر/پتہ پر اطلاع دیں۔
نام: ندیم مسیح
ولدیت: چمن مسیح
CNIC: 1-74420-6336053
Engine No: 7688558
Chassis No: 53621
موبائل نمبر: 68222 0234 5